اَلتَّدْرِيبُ الثَّانِي: هَاتِ اَسْئِلَةً لِلْجُمَلِ الْآتِيَةِ: (مندرجہ ذیل جملوں کے سوالات لائیے) ❶ السوال: مَاذَا تُحِبُّ؟ (آپ کو کیا پسند ہے؟) الجواب: اُحِبُّ اَمَاكِنَ التَّنَزُّهِ جِدًّا؛ (مجھے سیر (پکنک) کے مقامات بہت پسند ہیں)۔ ❷ السوال: مَاذَا تُرِيْدُ اَنْ تَكُوْنَ؟ (آپ کیا بننا چاہتے ہیں؟) الجواب: اُرِيْدُ اَنْ اَكُوْنَ مُتَخَصِّصَةً فِي الْعِلْمِ الشَّرْعِيِّ؛ (میں علومِ شرعیہ میں ماہر بننا چاہتاہوں)۔ ❸ السوال: لِمَاذَا تَاَخَّرْتَ؟ (تونے دیر کیوں کی؟) الجواب: لَقَدْ فَقَدْتُ جَوَّالِيْ فِي الزِّحَامِ، وَكُنْتُ اَبْحَثُ عَنْهُ؛ (میں نے اپنا موبائل بھیڑ میں کھو دیا، اور میں اسے ڈھونڈ رہاتھا)۔ ❹ السوال: هَلْ لَدَيْنَا وَقْتٌ؛ (کیا ہمارے پاس وقت ہے؟) الجواب: لَا يَزَالُ لَدَيْنَا مُتَّسَعٌ مِنَ الْوَقْتِ؛ (ہمارے پاس کافی وقت ہے)۔ ❺ السوال: مَتٰى تَرْجِعُ اِلَى الْمَنْزِلِ؟ (آپ گھر کب آئیں گے؟) الجواب: اَرْجِعُ اِلَى الْمَنْزِلِ خِلَالَ سَاعَةٍ؛ (میں ایک گھنٹے میں گھر آجاؤں گا)۔ ❻ السوال: لِمَاذَا تُرِيْدُ الذَّهَابَ اِلَى الْمَتْجَرِ؟ (آپ اسٹور کی طرف کیوں جاناچاہتے ہیں؟) الجواب: اُرِيْدُ اَنْ اَتَّجِهَ اِلَى الْمَتْجَرِ، لِاَشْتَرِيَ الْجَوَّالَ؛ (میں موبائل فون خریدنے کیلئے اسٹور جاناچاہتا ہوں)۔ ❼ السوال: كَيْفَ وَجَدْتَ اَخَاكَ عِنْدَمَا ذَهَبْتَ اِلَى الْبَيْتِ؟ (جب آپ گھر گئے تو آپ نے اپنے بھائی کو کیساپایا؟)۔ الجواب: عِنْدَمَا ذَهَبْتُ اِلَى الْبَيْتِ وَجَدْتُ اَخِيْ مَرِيْضاً رَاقِدًا فِيْ فِرَاشِهٖ؛ (جب میں گھر گیاتو دیکھاکہ میرا بھائی بستر پر بیمار پڑاہے)۔ ❽ السوال: كَيْفَ كَانَتْ صِحَّتُكَ عِنْدَمَا رَجَعْتَ مِنْ حَفْلِ الزَّوَاجِ؟ (شادی کی تقریب سے واپسی پر آپ کی طبیعت کیسی تھی؟)۔ الجواب: عِنْدَمَا رَجَعْتُ مِنْ حَفْلِ الزَّوَاجِ اَصْبَحْتُ مُتْعَباً وَاَصَابَنِيْ اَلَمٌ فِيْ رَأْسِيْ؛ (جب میں شادی کی تقریب سے واپس آیا تو تھک گیاتھا اور میرے سر میں درد تھا)۔ ❾ السوال: مَاذَا رَاَيْتَ عِنْدَمَا وَصَلْتَ اِلَى الْجَامِعَةِ؟ (جب آپ جامعہ پہنچے تو کیادیکھا؟)۔ الجواب: عِنْدَمَا وَصَلْتُ اِلَى الْجَامِعَةِ رَاَيْتُ الْاُسْتَاذَ يُعَلِّمُ الطُّلَّابَ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ؛ (جب میں جامعہ پہنچاتو دیکھاکہ استادصاحب طلبہ کو عربی زبان پڑھا رہے ہیں)۔

اَلتَّدْرِيبُ الثَّالِثُ: فَكِّرْ فِي الْاِجَابَةِ عَنِ الْاَسْئِلَةِ التَّالِيَةِ۔ ❶ السوال: مَاذَا تَوَدُّ اَنْ تَكُوْنَ فِي الْمُسْتَقْبَلِ، وَلِمَاذَا؟ (آپ مستقبل میں کیا بنناپسند کریں گے، اورکیوں؟)۔ الجواب: اَوَدُّ اَنْ اَكُوْنَ عَالِمًا حَتّٰى اَتَعَلَّمَ اَحْكَامَ الدِّيْنِ وَاُعَلِّمَ الْآخَرِيْنَ؛ (میں عالم بنناچاہتاہوں تاکہ دین کےاحکام سیکھ سکوں اور دوسروں کو سکھاسکوں)۔ ❷ السوال: كَيْفَ تَتَعَامَلُ مَعَ الطِّفْلِ كَثِيْرَ الْاِلْحَاحِ وَالطَّلَبَاتِ؟ (آپ بہت زیادہ ضد کرنے والے، کثیر خواہشات والے بچے کے ساتھ کیسامعاملہ کریں گے؟) الجواب: سَاُوْلِيْ اِهْتِمَامًا وَحُبًّا وَوَقْتًا لِاَوْلَادِيْ وَاَسْتَمِعُ اِلٰى مَشَاكِلِهِمْ حَتّٰى اَتَمَكَّنَ مِنْ اِزَالَةِ الشَّرِّ عَنْهُمْ وَتَحْسِيْنِ شَخْصِيَّتِهِمْ؛ (میں اپنے بچوں کو توجہ، پیار اور وقت دوں گا اور ان کے مسائل سنوں گا تاکہ میں ان سے برائیاں دور کرسکوں اور ان کی شخصیت کو نکھار سکوں)۔ ❸ السوال: كَيْفَ تَجْعَلُ اِبْنَكَ يَسْمَعُ كَلَامَكَ وَلَا يَرْفُضُ لَكَ طَلَباً؟ (آپ اپنے بیٹے کو اپنی بات کیسے سنائیں گے کہ وہ آپ کے حکم کو مسترد نہ کرے)۔ الجواب: اُحَاوِلُ فَهْمَ نَفْسِيَّةِ اِبْنِيْ ثُمَّ اُفَهِّمَهٗ وَفْقًا لِنَفْسِيَّتِهٖ فَيَسْمَعُ كَلَامِيْ وَلَا يَرْفُضُ لِيْ طَلَباً؛ (میں اپنے بچے کی نفسیات کو جاننے کی کوشش کروں گا اور پھر اُسے اس کی نفسیات کے مطابق سمجھاؤں گا تو وہ ضرور میری بات سنے گا اور وہ میرے حکم کو رد نہیں کرے گا)۔ ❹ السوال: كَيْفَ تَجْعَلُ بِيْئَةً دِيْنِيَّةً لِمَنْزِلِكَ؟ (آپ اپنے گھر میں دینی ماحول کیسے بنائیں گے؟) الجواب: اُحَافِظُ عَلٰى شَخْصِيَّتِيْ نَقِيَّةً وَاَتَحَدَّثُ بِالْاَخْلَاقِ الْحَمِيْدَةِ، اِنْ شَاءَ اللهُ سَيَكُوْنُ لِكَلَامِيْ تَاْثِيْرٌ قَرِيْبًا، لِاَنَّ اللُّطْفَ وَالْحِكْمَةَ الْعَمَلِيَّةَ ضَرُوْرِيَّةٌ جِدًّا لِاِصْلَاحِ شَخْصٍ مَّا؛ (میں اپنے کردار کو پاکیزہ رکھتا ہوں اور حُسنِ اَخلاق کے ساتھ بات کرتا ہوں تو اِنْ شَآءَ الله میری بات جلد اثر کرے گی کیونکہ کسی کی بھی اِصلاح کرنے کیلئے نرمی اور حکمتِ عملی بہت ضروری ہے)۔ ❺ السوال: كَيْفَ تَجْعَلُ اَوْلَادَكَ يُؤَدُّوْنَ الصَّلَاةَ؟ (آپ اپنی اولاد کو کیسا بنائیں گے کہ وہ نماز ادا کریں گے؟) الجواب: اِذَا اَعْطَيْنَا الْاَطْفَالَ بِيْئَةَ صَلَاةٍ، فَيُؤَدُّوْنَ الصَّلَاةَ اَبَدًا؛ (جب ہم بچوں کو نماز کا ماحول فراہم کریں گےتو وہ ہمیشہ نماز پڑھیں گے)۔ ❻ السوال: كَيْفَ تُشَرِّعُ اِبْنَكَ عَلَى اِسْتِغْلَالِ الْوَقْتِ؟ (آپ اپنے بیٹےکو وقت کا استعال کیسے سکھائیں گے؟) الجواب: اَقُوْلُ لِاِبْنِيْ: اِنَّ اللَّبِيْبَ الْعَاقِلَ الَّذِيْ لَايُضِيْعُ وَقْتَهٗ وَلَا وَقْتَ الْآخَرِيْنَ، بَلْ يُقَدِّرُهٗ وَيَغْتَنِمُهٗ بِالْاَعْمَالِ الصَّالِحَةِ وَيُرَغِّبُ الْآخَرِيْنَ لِذٰلِكَ؛ (میں اپنے بیٹے سے کہوں گا: عقلمند شخص نہ تو خُود اپنا وقت ضائع کرتا ہے اور نہ ہی دُوسروں کا وَقت برباد کرتا ہےبلکہ وہ تو اپنےوقت کی قدر کرتاہے، وَقت کو اچھّے اچھّےکاموں میں صرف کرتا اور دُوسروں کو اِس کی ترغیب دِلاتاہے)۔۔

اَلتَّدْرِيبُ الرَّابِعُ: (١) كَوِّنْ اَرْبَعَ جُمَلٍ يَكُوْنُ الْحَالُ فِيْهَا جُمْلَةً اِسْمِيَّةً، مِثْلَ هٰذِهٖ: وَجَدَ سَارَّةً وَهِيَ مَسْرُوْرَةٌ: (چارجملے ایسے بنائیں جن میں جملہ اسمیہ حال ہو، جیسے: اس نے سارہ کو خوش پایا) ❶ رَاَيْتُ زَيْدًا وَهُوَ رَاكِبٌ؛ (میں نے زید کو سواری کی حالت میں دیکھا)۔ ❷ رَجَعَ الْمُتَعَلِّمُ هُوَ نَاجِحٌ؛ (طالبِ علم لوٹا اس حال میں کہ وہ کامیاب تھا)۔ ❸ لَا تَاْكُلْ وَالطَّعَامُ حَارٌّ؛ (تو نہ کھا اس حال میں کہ کھانا گرم ہو)۔ ❹ لَا تَاْكُلِ الْفَوَاكِهَ وَهِيَ فِجَّةٌ؛ (پھل نہ کھا جبکہ وہ کچے ہوں)۔ (٢) اِسْتَخْدِمْ فِيْ اَرْبَعِ جُمَلٍ كَلِمَةَ دُوْنَ مِثْلَ هٰذِهٖ: ذَهَبَ خَالِدٌ دُوْنَ اَنْ يَتَنَاوَلَ الْفُطُوْرَ: (چارجملوں میں دُوْنَ کا کلمہ استعمال کر، اس طرح: خالد ناشتہ کیے بغیر چلا گیا)۔ ❶ صَنَعَ الشَّأْيَ دُوْنَ اَنْ يُضِيْفَ السُّكَّرَ؛ (اس نے چینی ڈالے بغیر چائے بنائی)۔ ❷ تَنَاوَلَ الصَّبِيُّ الطَّعَامَ دُوْنَ اَنْ يَمْضُغَ؛ (لڑکے نے بغیر چبائے کھانا کھایا)۔ ❸ جَهَدَ زَيْدٌ دُوْنَ اَنْ يُضِيْعَ الْوَقْتَ؛ (زید نےوقت ضائع کیے بغیر محنت کی)۔ ❹ يَتَحَدَّثُ زَيْدٌ بِالْبَيَانِ دُوْنَ اَنْ يَفْزَعَ؛ (زید نے گھبرائے بغیر بیان کیا)۔ (٣) كَوِّنْ اَرْبَعَ جُمَلٍ تُسْتَعْمَلُ فِيْهَا كَلِمَةُ وَلٰكِنْ مِثْلَ هٰذِهٖ: اَخْتَلِفُ مَعَكَ فِي الرَّاْيِ وَلٰكِنِّيْ اُحِبُّكَ: (کلمۂ وَلٰكِنْ کے کلمہ کا استعمال کرتے ہوئے چار جملے بناؤ۔ اس طرح: میں آپ کی رائے سے متفق نہیں ہوں، لیکن میں آپ سے محبت کرتا ہوں)۔ ❶ يَدْرُسُ اَخِي الطِّبَّ وَلٰكِنِّيْ اَدْرُسُ الدَّرْسَ النِّظَامِيَّ؛ (میرا بھائی ڈاکٹری پڑھتا ہے، لیکن میں درس نظامی پڑھتا ہوں)۔ ❷ لَسْتُ عَلٰى مَا يُرَامُ وَلٰكِنِّيْ اُلْقِي الدَّرْسَ؛ (میں ٹھیک نہیں ہوں لیکن میں بیان کرتا ہوں)۔ ❸ اَلثَّمَرَةُ حُلْوَةٌ وَلٰكِنِّيْ لَسْتُ جَائِعًا؛ (پھل میٹھا ہے، لیکن مجھے بھوک نہیں ہے)۔ ❹ اَنَا مُصَابٌ بِالْحُمّٰى لٰكِنِّيْ اُحَضِّرُ الدَّرْسَ؛ (مجھے بخار ہے لیکن میں نے سبق تیار کیا ہے)۔

اَلتَّدْرِيبُ الْخَامِسُ: مُحَاكَاةُ التَّعْبِيْرِ الْآتِيْ بِكَلِمَاتٍ مُنَاسِبَةٍ: (١) بَحَثَ رَيَّانُ عَنْ اُخْتِهٖ؛ (ریان نے اپنی بہن کو تلاش کیا)۔ ❶ بَحَثَ الشُّرْطَةُ عَنِ اللِّصِّ؛ (پولیس مین نےچور کو تلاش کیا)۔ ❷ بَحَثَ الْمُسَافِرُ عَنْ مَتَاعِهٖ؛ (مسافر نےاپنےسامان کو تلاش کیا)۔ (٢) مِنْ فَضْلِكَ لَوْ سَمَحْتَ خُذْنِيْ مَعَكَ اِلَى السُّوْقِ؛ (برائے مہربانی! اگر آپ چاہیں تو مجھے اپنے ساتھ بازار لے جائیں)۔ ❶ مِنْ فَضْلِكَ لَوْ سَمَحْتَ اُحْضِرُ حَفْلَةَ زَوَاجِ صَدِيْقِيْ؛ (برائے مہربانی! اگر آپ اجازت دیں تو میں اپنے دوست کی شادی کی محفل میں شریک ہوجاؤں)۔ ❷ مِنْ فَضْلِكَ لَوْ سَمَحْتَ سَوْفَ آخُذُ دَرَّاجَتَكَ النَّارِيَّةَ؛ (برائے مہربانی! اگر آپ اجازت دیں تو میں آپ کی موٹرسائیکل لے جاؤں)۔ (٣) لَيْسَ مِنْ عَادَتِيْ اَنْ اَتَسَوَّقَ عَبْرَ الْاِنْتَرْنِتْ؛ (میں عام طور پر آن لائن خریداری نہیں کرتا)۔ ❶ لَيْسَ مِنْ عَادَتِيْ اَنْ اَلْعَبَ الْكِرِيْكِيْتَ؛ (میں عام

طور پر کرکٹ نہیں کھیلتا)۔ ❷ لَيْسَ مِنْ عَادَتِيْ اَنْ اَتَاَخَّرَ فِي الْجَامِعَةِ؛ (مجھے جامعہ میں دیر سے آنے کی عادت نہیں ہے)۔ (٤) قَرَّرَ اَنْ لَّا يَرْفُضَ لِاُخْتِهٖ طَلَباً عِنْدَ التَّسَوُّقِ؛ (اس نے خریداری کرتے وقت اپنی بہن کی درخواست کو رد نہ کرنے کا فیصلہ کیا)۔ ❶ قَرَّرَ اَنْ لَّا يُضِيْعَ وَقْتَهٗ فِي اللَّعِبِ؛ (اس نے طے کرلیا کہ وہ کھیل میں اپنا وقت ضائع نہیں کرے گا)۔ ❷ قَرَّرَ اَنْ لَّا يُزْعِجَ اَحَدًا؛ (اس نے طے کرلیا کہ وہ کسی کو تنگ نہیں کرے گا)۔ (٥) بَقِيْتُ فِي السُّوْقِ خَوْفاً عَلٰى اُخْتِيْ؛ (میں اپنی بہن کیلئے خوف کی وجہ سے بازار میں رہا)۔ ❶ اِحْذَرْ مِنَ الْكَهْرَبَاءِ خَوْفًا عَلٰى حَيَاتِكَ؛ (اپنی جان پر خوف کی وجہ سے بجلی سے محتاط رہو)۔ ❷ اَنْوِي السَّفَرَ بِالطَّائِرَةِ خَوْفًا عَلٰى اِضَاعَةِ الْوَقْتِ؛ (میں وقت ضائع ہونے کے خوف سے ہوائی جہاز میں سفر کرنے کا ارادہ رکھتا ہوں)۔(٦) بَحَثَ سَامِيْ عَنْ اُخْتِهٖ حِرْصاً عَلٰى حَيَاتِهٖ؛ (سامی نے اپنی زندگی کی بھلائی چاہنے کی وجہ سے اپنی بہن کو تلاش کیا)۔ ❶ اَدْخُلُ الْجَامِعَةَ حِرْصاً عَلَى الدِّرَاسَةِ؛ (میں پڑھائی کے شوق میں جامعہ میں داخل ہوتا ہوں)۔ ❷ اَدْرُسُ كُتُباً عَرَبِيَّةً حِرْصاً عَلٰى تَعَلُّمِ اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ؛ (میں عربی زبان سیکھنے کی چاہت کی وجہ سے عربی کتابیں پڑھتا ہوں)۔ (٧) كُنْتُ مَشْغُوْلًا بِتَنْظِيْفِ غُرْفَتِيْ؛ (میں اپنے کمرے کی صفائی میں مصروف تھا)۔ ❶ كُنْتُ مَشْغُوْلًا بِخِدْمَةِ الْاَكَابِرِ؛ (میں بزرگوں کی خدمت میں مصروف تھا)۔ ❷ كُنْتُ مَشْغُوْلًا بِاَدَاءِ الصَّلٰوةِ؛ (میں نماز پڑھنے میں مصروف تھا)۔(٨) اِسْتَيْقَظْتُ مُبَكِّرًا رَغْبَةً فِي الذَّهَابِ اِلَى السُّوْقِ؛ (میں بازار جانے کے شوق کی وجہ سے صبح سویرے اٹھا)۔ ❶ اَذْهَبُ اِلَى الْجَامِعَةِ رَغْبَةً فِي الدِّرَاسَةِ؛ (میں پڑھائی میں رغبت کی وجہ سے جامعہ جاتا ہوں)۔ ❷ لَقَدْ جِئْتَ فِي الْمَوْعِدِ الْمُنَاسِبِ رَغْبَةً فِي زِيَارَةِ الْعُلَمَاءِ الْكِرَامِ؛ (آپ علماء کرام کی زیارت میں رغبت رکھنے کی وجہ سے مناسب وقت پر آئے ہیں)۔ (٩) اَنَا شَغُوْفٌ بِمُمَارَسَةِ الرِّيَاضَةِ؛ (مجھے ورزش کرنے کے ساتھ لگاؤ ہے)۔ ❶ اَنَا شَغُوْفٌ بِاِنْتَاجٍ زِرَاعِيٍّ؛ مجھے زرعی پیداوار کا شوق ہے۔❷ اَنَا شَغُوْفٌ بِمُشَاهَدَةِ قَنَاةِ مَدَنِيٍّ؛ (مجھے مدنی چینل دیکھنے کا شوق ہے)۔ (١٠) لَمْ اَخْرُجِ الْيَوْمَ مِنَ الْبَيْتِ بِنَاءً عَلٰى طَلَبِ اَبِيْ؛ میں آج اپنے والد کے کہنے پر گھر سے باہر نہیں نکلا)۔ ❶ اَنَا اُحِبُّ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ بِنَاءً عَلٰى لُغَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ؛ (میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی (مبارک) زبان پر بناء کرتے ہوئے عربی زبان سے محبت کرتا ہوں)۔ ❷ اُسَاعِدُ النَّاسَ بِنَاءً عَلٰى رِضَاءِ اللّٰهِ؛ (میں اللہ کی رضا کی بنیاد پر لوگوں کی مدد کرتا ہوں)۔ (١١) لَمْ يَخْطُرْ بِبَالِيْ اَنْ اَلْقَاكَ؛ (مجھے کبھی یہ خیال نہیں آیا کہ میں آپ سے مل پاؤں گا)۔ ❶ لَمْ يَخْطُرْ بِبَالِيْ اَنْ آخُذَ جَائِزَةَ التَّقَدُّمِ؛ (مجھے کبھی یہ خیال نہیں آیا کہ میں اولیت کا انعام لوں گا)۔❷ لَمْ يَخْطُرْ بِبَالِيْ اَنْ آكُلَ لَحْمَ الْغَزَالِ؛ (مجھے کبھی خیال نہیں آیا کہ میں ہرن کا گوشت کھاؤں گا)۔ (١٢) لَوْ كَانَ الْاَمْرُ بِيَدِيْ لَسَاعَدْتُّ كُلَّ الْفُقَرَاءِ؛ (اگر معاملہ میرے ہاتھ میں ہوتا تو میں تمام غریبوں کی مدد کرتا)۔ ❶ لَوْ كَانَ الْاَمْرُ بِيَدِيْ لَاَبْنِيْ جَامِعَةَ الْمَدِيْنَةِ فِيْ كُلِّ مَدِيْنَةٍ؛ اگر معاملہ میرے ہاتھ میں ہوتا تو میں ہر شہر میں ایک جامعہ بنواتا)۔ ❷ لَوْ كَانَ الْاَمْرُ بِيَدِيْ لَمَا يَنَامُ اَحَدٌ جَائِعاً؛ (اگر معاملہ میرے ہاتھ میں ہوتا تو کوئی بھی انسان بھوکا نہ سوتا)۔

اَلتَّدْرِيْبُ السَّادِسُ: تَرْجِمْ مِنَ الْاُرْدِيَّةِ اِلَى الْعَرَبِيَّةِ: الجواب: (١) جو لوگ وقت پر کام کرتے ہیں وہ ہمیشہ کامیاب ہوتے ہیں؛ اَلْاُنَاسُ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ فِي الْوَقْتِ الْمُحَدَّدِ نَاجِحُوْنَ دَائِمًا۔ لہذا زندگی میں ترقی کیلئے وقت کی پابندی بہت ضروری ہے کیونکہ جس نے وقت کی قدر نہ کی، وقت نے اُسے برباد کر دیا؛ لِهٰذَا اِنَّ الْاِلْتِزَامَ بِالْمَوَاعِيْدِ مُهِمٌّ جِدًّا لِلتَّقَدُّمِ فِي الْحَيَاةِ. لِاَنَّ مَنْ لَا يُقَدِّرُ الْوَقْتَ اَفْسَدَهُ الْوَقْتُ۔ خدا کے قائم کردہ نظام سے وقت کی پابندی کا سبق ملتاہے؛ يَحْصُلُ دَرْسُ الْاِلْتِزَامِ بِالْمَوَاعِيْدِ مِنَ النِّظَامِ الَّذِيْ اَقَامَهُ اللّٰهُ۔ جیسے موسم اپنے مقررہ وقت پر بدلتے ہیں، سورج اپنے مقررہ وقت پر نکلتا اور غروب ہوتا ہے، اسی طرح نماز اور روزہ وقت کی پابندی کا درس دیتے ہیں؛ كَمَا تَتَغَيَّرُ الْفُصُوْلُ فِي الْوَقْتِ الْمُحَدَّدِ لَهَا. تَشْرُقُ الشَّمْسُ وَتَغْرُبُ فِيْ وَقْتِهَا الْمُحَدَّدِ. كَذَالِكَ الصَّلَاةُ وَالصَّوْمُ يُعَلِّمَانِ الْاِلْتِزَامَ بِالْمَوَاعِيْدِ۔ اسی طرح جو طالب علم وقت پر سکول جاتاہےاور وقت پر ہوم ورک کرتاہے وہ امتحان میں پہلی پوزیشن حاصل کرتاہے؛ كَذَالِكَ الطَّالِبُ الَّذِيْ يَذْهَبُ اِلَى الْمَدْرَسَةِ فِي الْوَقْتِ الْمُحَدَّدِ وَيَقُوْمُ بِوَاجِبِهِ الْمَنْزِلِيِّ فِي الْوَقْتِ الْمُحَدَّدِ يَحْصُلُ عَلَى الْمَرْكَزِ الْاَوَّلِ فِي الْاِمْتِحَانِ۔ اور جو لوگ وقت کی قدر نہیں کرتےوہ صرف اپنا وقت نہیں بلکہ اپنی زندگی ضائع کرتے ہیں، وہ ہمیشہ ناکام رہتے ہیں اور کبھی ترقی نہیں کرسکتے؛ وَاُولٰئِكَ الَّذِيْنَ لَا يُقَدِّرُوْنَ الْوَقْتَ لَايُضِيْعُوْنَ وَقْتَهُمْ فَحَسْبُ. بَلْ يُضِيْعُوْنَ حَيَاتَهُمْ۔ اِنَّهُمْ يَفْشَلُوْنَ دَائِمًا وَلَا يُمْكِنُهُمُ التَّقَدُّمُ اَبَدًا۔۔۔ (٢) بیشک بہن بھلائی، شفقت اور محبت کی حقدار ہوتی ہے؛ اِنَّ الْاُخْتَ تَسْتَحِقُّ اللُّطْفَ وَالرَّحْمَةَ وَالْحُبَّ۔ اور عجیب بات ہے کہ آج کل ہم بھائی کو بہن کے ساتھ اور بہن کو بھائی کے ساتھ چھوٹے، معمولی معاملات پر عرصہ دراز تک لڑتے ہوئے پاتے ہیں۔اور شیطان یہی چاہتاہے کہ اس تعلق کو توڑ دے؛ وَالْغَرِيْبُ هُوَ ذٰلِكَ فِي الْوَقْتِ الْحَاضِرِ نَجِدُ هٰذِهِ الْاَيَّامَ اَخًا يَتَنَازَعُ مَعَ اُخْتِهٖ وَاُخْتاً تَتَنَازَعُ مَعَ اَخِيْهَا اِلٰى مُدَّةٍ طَوِيْلَةٍ مِنْ اَجْلِ اُمُوْرٍ صَغِيْرَةٍ خَفِيْفَةٍ؛ وَهٰذَا مَا يُرِيْدُهُ الشَّيْطَانُ اَنْ يَقْطَعَ هٰذِهِ الْعَلَاقَةَ۔ لہٰذا بھائی پر بہن سے متعلق یہ ذمہ داری لازم ہے کہ اپنی بہن کو محبت اور شفقت دے، اس کی دیکھ بھال کرے، اس کی حفاظت کرے، اس کا خیال رکھے، اس سے رابطہ کرتا رہے؛ لِذٰلِكَ هٰذِهِ الْمَسْؤُلِيَّةُ الْمُتَعَلِّقَةُ بِاُخْتٍ لَازِمَةٌ عَلَى الْاَخِ اَنْ يُعْطِيَ اُخْتَهُ الْمَحَبَّةَ وَالرَّحْمَةَ۔ وَيَكُوْنُ مُرَاقِبًا وَحَافِظًا وَمُتَعَهِّدًا وَرَابِطًا لِاُخْتِهٖ۔ اگر خدانخواستہ بہن اور بھائی کے درمیان کوئی لڑائی جھگڑا ہوجائے یا کوئی اختلاف پیدا ہوجائے تو بھائی اس سے معذرت کرے اور اس سے معافی مانگے، کیونکہ آخرکار یہ آپ کی بہن ہے جس پر ہرحال میں بھروسہ کیاجاتا ہے؛ لَاسَمَحَ اللّٰهُ اِذَا حَدَثَ جِدَالٌ اَوْ خِلَافٌ بَيْنَ اَخٍ وَاُخْتٍ فَعَلَى الْاَخِ اَنْ يَعْتَذِرَ لَهَا وَيَطْلُبَ الْعَفْوَ. لِاَنَّ اُخْتَكَ فِي النِّهَايَةِ هِيَ الَّتِيْ تَثِقُ بِهَا فِيْ كُلِّ مَوْقِفٍ۔

اَلتَّدْرِيْبُ السَّابِعُ: (١) هَلْ اَعْجَبَتْكَ هٰذِهِ الْقِصَّةُ. اُذْكُرْ لِمَاذَا؟ وَاِنْ لَمْ تُعْجِبْكَ فَلِمَاذَا؟ ۔الجواب: اَعْجَبَتْنِيْ هٰذِهِ الْقِصَّةُ لِاَنَّهَا تُعَلِّمُنَا اَنْ نُحِبَّ الْحَيَوَانَاتِ وَاَنْ نُرَاعِيَ الْآخَرِيْنَ؛ (مجھے یہ کہانی پسند آئی کیونکہ یہ ہمیں جانوروں سے پیار کرنا اور دوسروں کا خیال رکھنا سکھاتی ہے)۔(٢) مَاذَا اَعْجَبَكَ فِيْ هٰذِهِ الْقِصَّةِ. وَلِمَاذَا؟ الجواب: اَعْجَبَنِيْ تَعْلِيْمُ الْاُمِّ اَطْفَالَهَا الْاِلْتِزَامَ بِالْمَوَاعِيْدِ. وَاشْتِرَاءُ سَارَةَ سَاعَةً لِاَخِيْهَا؛ (مجھے والدہ کا اپنے بچوں کو وقت کا پابند بنانا اور سارہ کا اپنے بھائی کیلئے گھڑی خریدنا پسند آیا ہے)۔ (٣) لَخِّصْ فِكْرَةَ الْقِصَّةِ بِاَلْفَاظِكَ الْخَاصَّةِ بِاَمَانَةٍ دُوْنَ التَّقَيُّدِ بِفِقْرَاتِ النَّصِّ الْاَصْلِيِّ۔الجواب: سَامِيْ يَقُوْلُ لِوَالِدَتِهٖ اَنَّهٗ يُرِيْدُ شِرَاءَ طَعَامٍ لِسَلَاحِفِهٖ. تَاْذَنُ الْوَالِدَةُ. وَتَقُوْلُ لَهٗ اَنْ تَاْخُذَ اُخْتَهٗ سَارَةَ مَعَكَ. وَتَعُوْدَ بَعْدَ نِصْفِ سَاعَةٍ. يَنْشَغِلُ سَامِيْ بِالنَّظَرِ اِلَى الْحَيَوَانَاتِ. وَتَعُوْدُ سَارَةُ اِلَى الْمَنْزِلِ دُوْنَ اَنْ تُخْبِرَ. وَيَبْحَثُ سَامِيْ عَنْ سَارَةَ. وَفِي النِّهَايَةِ يَعُوْدُ اِلَى الْمَنْزِلِ. تَعْتَذِرُ سَارَةُ لِاَخِيْهَا عَنْ عَوْدَتِهَا اِلَى الْمَنْزِلِ دُوْنَ اِخْبَارِهَا. وَتَتَقَدَّمُ لِاَخِيْهَا سَاعَةَ يَدٍ؛ (سامی اپنی ماں سے کہتا ہے کہ وہ اپنے کچھوؤں کیلئے کھانا خریدناچاہتا ہے، ماں اجازت دیتی ہے، اور کہتی ہے کہ اپنی بہن سارہ کو اپنے ساتھ لے جاؤ، اور آدھے گھنٹے میں واپس آجاؤ، سامی جانوروں کو دیکھنے میں مصروف ہوگیا، سارہ بغیر بتائے گھر لوٹ گئی، سامی سارہ کو ڈھونڈتا ہے، اور آخرکار وہ گھر آتا ہے، سارہ بغیر بتائے گھر آنے کی وجہ سے اپنے بھائی سے معذرت کرتی ہے، اور اپنے بھائی کو ہینڈ واچ پیش کرتی ہے)۔

◈ قِصَّةُ مُسْتَكْشِفٍ ◈ (تحقیق کی کہانی)

مُنْذِرٌ طِفْلٌ ذَكِيٌّ يُحِبُّ تَفْكِيكَ الْاَشْيَاءِ وَاِعَادَةَ تَرْكِيْبِهَا مَرَّةً اُخْرٰى. فَمَرَّةً فَكَّ سَيَّارَةَ اَخِيْهِ الْكَهْرَبَائِيَّةَ؛ منذر ایک ذہین بچہ ہے جو چیزوں کو کھولنے اور دوبارہ اُنہیں جوڑنے کو پسند کرتا ہے، پس ایک بار اس نے اپنے بھائی کی الیکٹرک کار کو کھولا۔ لِيَكْتَشِفَ كَيْفَ تَعْمَلُ مِنَ الدَّاخِلِ؟ ثُمَّ اَعَادَ تَرْكِيْبَهَا مَرَّةً اُخْرٰى؛ تاکہ وہ دریافت کرے کہ وہ اندر سے کیسے کام کرتی ہے؟ پھر اس نے اسے دوبارہ فٹ کر دیا۔ وَمَرَّةً اُخْرٰى فَكَّ الْمِيْزَانَ الَّذِيْ يَسْتَخْدِمُهُ وَالِدُهُ. وَذٰلِكَ لِيُشَاهِدَ كَيْفَ تَعْمَلُ دَائِرَةُ الْاَرْقَامِ؟ عِنْدَ الْوُقُوْفِ عَلَى الْمِيْزَانِ اَعَادَ تَرْكِيْبَهٗ مَرَّةً اُخْرٰى؛ ایک بار پھر اس نے اس ترازو کو کھولا جو اس کے والد استعمال کرتے ہیں، یہ دیکھنے کیلئے کہ ترازو پر کھڑے ہونے کے وقت سوئی کیسے کام کرتی ہے؟ اس نے اسے دوبارہ فٹ کر دیا۔ وَفَكَّ كَذٰلِكَ جِهَازَهُ اللَّوْحِيَّ. لِيَكْتَشِفَ كَيْفَ يَعْمَلُ بِدُوْنِ الزُّجَاجَةِ الْاَمَامِيَّةِ؛ ثُمَّ اَعَادَ تَرْكِيْبَهٗ مَرَّةً اُخْرٰى؛ اور اسی طرح اس نے یہ دیکھنے کیلئے اپنے ٹیبلیٹ کو بھی کھولا کہ یہ سامنے کے شیشے کے بغیر کیسے کام کرتا ہے؟ پھر اس نے اسے دوبارہ فٹ کر دیا۔ ذَاتَ يَوْمٍ نَزَلَ مُنْذِرٌ تَحْتَ الْمَغْسَلَةِ. لِيَكْتَشِفَ مِنْ اَيْنَ يَتَدَفَّقُ الْمَاءُ؟ ایک دن منذر واش اسٹینڈ کے نیچے ہوا تاکہ یہ معلوم کرے کہ پانی کہاں سے بہہ رہا ہے۔ وَصَلَ اِلَى الصُّنْبُوْرِ وَمَا اِنْ فَكَّ مِحْبَسَ الْمَاءِ حَتّٰى اِنْدَفَعَتِ الْمِيَاهُ بِقُوَّةٍ وَلَمْ يَسْتَطِعْ اِيْقَافَهَا؛ وہ ٹونٹی کے پاس پہنچا اور جیسے ہی اس نے پانی کا ہینڈ وال کھولا، پانی زور سے باہر نکل گیا اور وہ اسے روک نہ سکا۔ وَهُوَ مَا زَالَ مُسْتَغْرِقاً فِيْ تَفْكِيْرٍ عَمِيْقٍ. وَلٰكِنَّهٗ اَفَاقَ مِنْ اَفْكَارِهٖ. وَاتَّصَلَ بِالسَّبَّاكِ وَطَلَبَ مِنْهُ اَنْ يَحْضُرَ لِاِصْلَاحِ الْمَغْسَلَةِ؛ وہ ابھی تک گہری سوچ میں تھا لیکن پھر وہ اپنی سوچوں سے باہر آیا، پلمبر سے رابطہ کیا اور اس سے مطالبہ کیا کہ وہ واش اسٹینڈ ٹھیک کرنے کیلئے آئے۔ وَاَخَذَ يَنْتَظِرُهٗ وَاِذَا بِجَرَسِ الْبَابِ يَرِنُّ. فَاتَّجَهَ مُسْرِعاً نَحْوَ الْبَابِ. فَفَتَحَهٗ. وَاِذَا بِالسَّبَّاكِ اَمَامَهٗ يَقُوْلُ: قَدْ حَضَرْتُ لِاِصْلَاحِ الْعُطْلِ الَّذِيْ اُخْبِرْتُ بِهٖ؛ اور وہ اس کا انتظار کرنے لگا اور جب دروازے کی گھنٹی بجی تو وہ تیزی سے دروازے کی طرف گیا، پس اس نے اسے کھولا جبھی اس کے سامنے ایک پلمبر کہ رہا تھا: میں اس خرابی کی مرمت کرنے کیلئے آیا ہوں جس کے بارے میں مجھے بتایا گیا تھا۔ قَالَ لَهٗ: تَفَضَّلْ. اُدْخُلْ. فَدَخَلَ ثُمَّ سَاَلَ: اَيْنَ اِتِّجَاهُ الْمَغْسَلَةِ؟ فَاَشَارَ لَهٗ بِاَنْ يَتَّجِهَ اِلٰى يَمِيْنِ الصَّالَةِ سَيَجِدُ الْمَطْبَخَ اَمَامَهٗ. اِتَّجَهَ اِلَى الْمَطْبَخِ. فَوَجَدَ هُنَاكَ الْمَغْسَلَةَ. وَاَصْلَحَهَا؛ اس نے اسے کہا: مہربانی فرمایئے، اندر آیئے، تو داخل ہوا اور پھر پوچھا: واش اسٹینڈ کی جہت کہاں ہے؟ اس نے اسے اشارہ کیا کہ وہ ہال کے دائیں طرف مڑ جائے، وہ اپنے سامنے باورچی خانہ پائے گا، وہ باورچی خانے کی طرف متوجہ ہوا، اور وہاں اس نے واش اسٹینڈ پایا اور اس نے اس کی مرمت کر دی۔ بَعْدَ اَنْ اَصْلَحَ السَّبَّاكُ الْمَغْسَلَةَ مَا زَالَ مُنْذِرٌ نَادِماً عَلٰى تَصَرُّفِهٖ وَقَالَ: اَنَا آسِفٌ يَا اَبِيْ كُنْتُ اُرِيْدُ اَنْ اَعْرِفَ مِنْ اَيْنَ يَاْتِي الْمَاءُ؟ پلمبر کے واش اسٹینڈ کو ٹھیک کرنے کے بعد، منذر کو اپنے عمل پر افسوس رہا اور کہا: اے میرے والد محترم! مجھے افسوس ہے! میں جاننا چاہتا تھا کہ پانی کہاں سے آیا؟ اَجَابَ وَالِدُهٗ حَسَناً يَا مُنْذِرُ. اَنَا اَعْرِفُ اَنَّكَ وَلَدٌ ذَكِيٌّ جِدًّا. وَلٰكِنْ لَا يَصِحُّ اَنْ تَعْبَثَ بِاَشْيَاءَ قَدْ تُسَبِّبُ الضَّرَرَ لَكَ اَوْ لِلْآخَرِيْنَ؛ اس کے والد نے جواب دیا، ٹھیک ہے، اے منذر، میں جانتا ہوں کہ تم بہت ہوشیار لڑکے ہو، لیکن تمہیں ایسی چیزوں سے نہیں کھیلنا چاہیے جس سے خود کو یا دوسروں کو نقصان ہو۔ وَتَابَعَ مُبْتَسِماً: اَنَا لَا اَكْتَرِثُ لِلْمِيْزَانِ الَّذِيْ جَعَلَ وَزْنِيْ مِئَتَيْنِ بَدَلَ سَبْعِيْنَ. وَلَا لِسَيَّارَةِ اَخِيْكَ الَّتِيْ اَصْبَحَتْ تَسِيْرُ لِلْخَلْفِ بَدَلَ الْاَمَامِ. وَلَا جِهَازِكَ اللَّوْحِيِّ الَّذِيْ كُسِرَتْ شَاشَتُهٗ. وَلٰكِنْ يَا صَغِيْرِيْ! هٰذِهِ الْاَشْيَاءُ كَانَتْ صَالِحَةً فِي السَّابِقِ قَبْلَ فَكِّكَ لَهَا ثُمَّ تَعَطَّلَتْ۔ اُس نے مسکراتے ہوئے بات جاری رکھی: مجھے اس ترازو کی پرواہ نہیں جس نے میرا وزن ستر کی بجائے دو سو کر دیا اور نہ ہی آپ کے بھائی کی گاڑی کی جو سامنے کی بجائے پیچھے کی طرف بھاگنے لگی۔ لیکن میرے چھوٹے! یہ چیزیں ماضی میں آپ کے کھولنے سے پہلے درست تھیں، پھر ٹوٹ گئیں۔ مَا رَاْيُكَ اِذَنْ اَنْ نُحْضِرَ لَكَ اَشْيَاءَ مُتَعَطِّلَةً لِتُحَاوِلَ اَنْتَ اِصْلَاحَهَا؟ فَرِحَ مُنْذِرٌ وَقَالَ: اِنَّهَا فِكْرَةٌ رَائِعَةٌ يَا اَبِيْ! پھر آپ کی کیا رائے ہے کہ ہم آپ کو ٹوٹی ہوئی چیزیں لاکر دیں تاکہ آپ انہیں ٹھیک کرنے کی کوشش کرسکیں؟ منذر خوش ہوا اور اس نے کہا: یہ بہت اچھا آئیڈیا ہے ابو جی! وَتَوَجَّهُوْا مُبَاشَرَةً لِمَحَلِّ بَيْعِ الْاَشْيَاءِ الْمُسْتَخْدَمَةِ. وَاشْتَرٰى مُنْذِرٌ عَدِيْدًا مِنَ الْاَدَوَاتِ الْمُتَعَطِّلَةِ وَالتَّالِفَةِ. لِيُجَرِّبَ عَلَيْهَا وَيَسْتَكْشِفَهَا۔ وہ سیدھے استعمال شدہ اشیاء کی فروخت کی دکان پر گئے، اور منذر نے بہت سے ٹوٹے ہوئے اور خراب اوزار خریدے تاکہ وہ تجربہ کرسکے اور اسے دریافت کرسکے۔ شَكَرَ مُنْذِرٌ وَالِدَهٗ وَقَالَ اَعِدُكَ يَا اَبِيْ اَنْ لَا اَعْبَثَ بِالْاَشْيَاءِ الْجَيِّدَةِ بَعْدَ الْآنَ. وَكُلَّمَا اَرَدْتُ الْاِسْتِكْشَافَ سَوْفَ اَلْجَاُ لِلْاَشْيَائِ الْمُعَطَّلَةِ؛ منذر نے اپنےوالد کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ اے میرے والد محترم! میں آپ سے وعدہ کرتا ہوں کہ اب اچھی چیزوں سے نہیں کھیلوں گا۔ اور جب بھی میں دریافت کرنا چاہوں گا تو میں اپنی ٹوٹی پھوٹی چیزوں کا سہارا لوں گا۔ اَجَابَهٗ وَالِدُهٗ: وَاَنَا اَعِدُكَ يَا صَغِيْرِيْ اَنْ لَّا اَرْمِيَ اَيَّ شَيْءٍ يَتْلَفُ فِي الْمَنْزِلِ. بَلْ سَاُعْطِيْهِ لَكَ. لِتُحَاوِلَ اِصْلَاحَهٗ لَنَا؛ اس کے باپ نے اسے جواب دیا: اور میں تم سے وعدہ کرتا ہوں میرے چھوٹے، کہ میں گھر میں جو کچھ خراب ہوگا اسے نہیں پھینکوں گا، بلکہ میں تمہیں دے دوں گا، تاکہ تم اسے ہمارے لئے ٹھیک کرنے کی کوشش کرو۔

اَلتَّدْرِيْبُ الْاَوَّلُ: اِقْرَءِ الدَّرْسَ ثُمَّ ضَعْ عَلَامَةَ صَحَّ اَوْ خَطَأٍ مَعَ تَصْحِيْحِ الْاَخْطَاءِ: الجواب: (١): مُنْذِرٌ وَلَدٌ مُشَاغِبٌ يُحَطِّمُ كُلَّ شَيْءٍ فِي الْبَيْتِ وَلَا يُحَاوِلُ اِصْلَاحَ الْاَشْيَاءِ الْمَكْسُوْرَةِ؛☒ (منذر اشیاء میں سوراخ کرنے والا لڑکا تھا، گھر کی ہر چیز کو توڑ ڈالتا تھا اور ٹوٹی ہوئی چیزوں کو ٹھیک کرنے کی کوشش نہیں کرتا تھا)۔ بَلْ مُنْذِرٌ طِفْلٌ ذَكِيٌّ يُحِبُّ تَفْكِيْكَ الْاَشْيَاءِ وَاِعَادَةَ تَرْكِيْبِهَا مَرَّةً اُخْرٰى. فَمَرَّةً فَكَّ سَيَّارَةَ اَخِيْهِ الْكَهْرَبَائِيَّةَ۔۔(٢): كَانَ مُنْذِرٌ يُجَرِّبُ اَشْيَاءَ جَدِيْدَةً تَشْحَذُ مَهَارَاتِ التَّفْكِيْرِ وَالْقُدُرَاتِ الْمَعْرِفِيَّةِ لَدَيْهِ؛☑ (منذر اپنی سوچ کی مہارت اور علمی صلاحیتوں کو تیز کرنے کیلئے اپنے پاس نئی چیزوں پر تجربہ کر رہا تھا)۔۔(٣): قَالَ وَالِدُ مُنْذِرٍ: مَا رَاْيُكَ فِيْ اَنْ اُحْضِرَ لَكَ اَشْيَاءَ جَدِيْدَةً. لِتُحَاوِلَ اِصْلَاحَهَا؟☒ (منذر کے والد نے کہا: آپ کا کیا خیال ہے کہ میں آپ کیلئے نئی چیزیں لاؤں، تاکہ آپ انہیں ٹھیک کرنے کی کوشش کرسکو؟) بَلْ قَالَ وَالِدُ مُنْذِرٍ: مَا رَاْيُكَ اِذَنْ اَنْ نُحْضِرَ لَكَ اَشْيَاءَ مُتَعَطِّلَةً لِتُحَاوِلَ اَنْتَ اِصْلَاحَهَا؟ ۔۔۔(٤): لَمْ يُوَافِقْ مُنْذِرٌ عَلٰى طَلَبِ اَبِيْهِ. اِنَّمَا رَفَضَ اَفْكَارَهٗ؛☒ (منذر نے اپنے والد کی درخواست پر اتفاق نہیں کیا، بلکہ اس نے ان کے خیالات کو رد کر دیا)۔ بَلْ يُوَافِقُ مُنْذِرٌ عَلٰى طَلَبِ اَبِيْهِ۔۔۔(٥) طَلَبَ وَالِدُ مُنْذِرٍ مِنْهُ تَحْقِيْقَ مَا حَقَّقَهٗ هُوَ مِنْ نَجَاحَاتٍ؛☑ (منذر کے والدنے اس سے اپنی ان کامیابیوں کو پختہ کرنے کا مطالبہ کیا جو اس نے حاصل کی ہیں)۔۔۔(٦): لَمْ يُقْنِعْ وَالِدُ مُنْذِرٍ اِبْنَهٗ بِاَشْيَاءَ مُتَعَطِّلَةٍ؛☒ (منذر کے والد نے اپنے بیٹے کو ٹوٹی ہوئی چیزوں پر قائل نہیں کیا)۔ بَلْ يُقْنِعُ وَالِدُ مُنْذِرٍ اِبْنَهٗ بِاَشْيَاءَ مُتَعَطِّلَةٍ؛۔۔۔(٧): لَمْ يُتِحْ وَالِدُ مُنْذِرٍ لِاِبْنِهٖ فُرَصاً لِتَطْوِيْرِ مَهَارَاتِهٖ؛☒ (منذر کے والد نے اپنے بیٹے کو اپنی صلاحیتیں بڑھانے کے مواقع نہیں دیے)۔ بَلْ يُتِيْحُ وَالِدُ مُنْذِرٍ لِاِبْنِهٖ فُرَصاً لِتَطْوِيْرِ مَهَارَاتِهٖ۔۔۔(٨) اَصْلَحَ مُنْذِرٌ بِنَفْسِهِ الْمَغْسَلَةَ؛☒ (منذرنے خود واش بیسن کی مرمت کی)۔ بَلْ اَصْلَحَ السَّبَّاكُ الْمَغْسَلَةَ۔۔۔(٩) اِتَّصَلَ وَالِدُ مُنْذِرٍ بِالسَّبَّاكِ؛ (منذر کے والد نے پلمبر سے رابطہ

کیا)۔ بَلْ اِتَّصَلَ مُنْذِرٌ بِالسَّبَّاكِ۔

اَلتَّدْرِيْبُ الثَّانِيْ: هَاتِ اَسْئِلَةً لِلْجُمَلِ الْآتِيَةِ۔۔(۱): يَرْغَبُ مُنْذِرٌ فِيْ اَنْ يَغْتَنِمَ فُرَصاً جَدِيْدَةً. كَيْ يُضِيْفَ اِلٰى قُدْرَاتِهٖ مَهَارَةَ التَّفْكِيْرِ؛ (منذر اپنی صلاحیتوں میں سوچنے کی مہارت کو شامل کرنے کیلئے نئے مواقع سے فائدہ اٹھانے میں رغبت رکھتا ہے)۔ السوال: لِمَاذَا يَرْغَبُ مُنْذِرٌ فِيْ اَنْ يَغْتَنِمَ فُرَصاً جَدِيْدَةً۔ (منذر نئے مواقع سے فائدہ کیوں اٹھانا چاہتا ہے؟)۔۔۔(۲): يَوَدُّ مُنْذِرٌ اَنْ يُصْبِحَ مُفَكِّرًا بَارِعاً۔ (منذر ایک شاندار مفکر بننا چاہتا ہے)۔ السوال: مَاذَا يَوَدُّ مُنْذِرٌ۔ (منذر کیا بننا چاہتا ہے؟)۔۔۔(۳): يُشَجِّعُ وَالِدُ مُنْذِرٍ عِنْدَمَا يَفْعَلُ اِبْنُهٗ شَيْئاً اَوْ يَكْتَسِبُ مَهَارَةً اَوْ يُمَارِسُ سُلُوْكاً طَيِّباً۔ (منذر کے والد اس وقت حوصلہ افزائی کرتے ہیں جب ان کا بیٹا کچھ کرتا ہے، یا کوئی مہارت حاصل کرتا ہے، یا اچھے سلوک پر عمل کرتا ہے)۔ السوال: مَتٰى يُشَجِّعُ وَالِدُ مُنْذِرٍ؟۔(منذر کے والد کب حوصلہ افزائی کرتے ہیں؟)۔۔۔:(٤) اَحْضَرَ وَالِدُ مُنْذِرٍ لَهٗ اَشْيَاءَ مُتَعَطِّلَةً؛ (منذر کا والد اس کیلئے ٹوٹی ہوئی چیزیں لے کر آیا)۔۔۔(٥): اِشْتَرٰى مُنْذِرٌ عَدِيْدًا مِنَ الْاَدَوَاتِ الْمُتَعَطِّلَةِ وَالتَّالِفَةِ. لِيُجَرِّبَ عَلَيْهَا وَيَسْتَكْشِفَهَا؛ (منذر نے جانچنے اور معلوم کرنے کیلئے بہت سے ٹوٹے ہوئے اور خراب آلات خریدے)۔ السوال: لِمَاذَا اِشْتَرٰى مُنْذِرٌ عَدِيْدًا مِنَ الْاَدَوَاتِ الْمُتَعَطِّلَةِ وَالتَّالِفَةِ؟(منذر نے بہت سے ٹوٹے ہوئے اور خراب آلات کیوں خریدے؟)۔۔۔(٦): مُنْذِرٌ يَهُمُّهٗ اَنْ يَكُوْنَ مُمَيَّزًا لَدَى النَّاسِ؛ (منذر کو لوگوں میں ممتاز ہونا بے چین کرتا ہے)۔ السوال: مَا الَّذِيْ يَهُمُّ مُنْذِرًا؟ (کونسی چیز منذر کو بے چین کرتی ہے)۔۔۔(۷): لَا يَنْقُلُ وَالِدُ مُنْذِرٍ طُمُوْحَاتِهٖ اِلٰى طِفْلِهٖ وَلَا يُجْبِرُهٗ عَلٰى فِعْلٍ مَا يُحِبُّهٗ؛ (منذر کا والد اپنی خواہشات، اپنے بچے کو منتقل نہیں کرتا اور اسے ایسے کام کرنے پر مجبور نہیں کرتا جسے وہ پسند کرتا ہے)۔۔۔ السوال: أَيَنْقُلُ وَالِدُ مُنْذِرٍ طُمُوْحَاتِهٖ اِلٰى طِفْلِهٖ؟ (کیا منذر کا والد اپنی خواہشات، اپنے بچے کو منتقل کرتا ہے؟)۔۔۔(۸): يَوَدُّ مُنْذِرٌ اَنْ يَتَعَلَّمَ شَيْئاً جَدِيْداً يُعَزِّزُ اِبْدَاعَهٗ وَيَزِيْدُ مِنَ الثِّقَةِ وَالْفَعَّالِيَّةِ الذَّاتِيَّةِ؛ (منذر چاہتاہے کہ کچھ نیا سیکھے جو اس کی تخلیقی صلاحیتوں میں اضافہ کرے اور خود اعتمادی اور خود افادیت میں اضافہ کرے)۔ السوال: مَاذَا يَوَدُّ مُنْذِرٌ اَنْ يَتَعَلَّمَ ؟(منذر کیا کرنا چاہتاہے؟)۔۔۔(۹): لَقَدْ جَعَلَ مُنْذِرٌ وَالِدَهٗ يُوَافِقُ عَلٰى اَيِّ شَيْءٍ يُرِيْدُهٗ؛ (منذرنے اپنےوالد کو جوچاہا اس پر راضی کرلیا)۔ السوال: عَلٰى اَيِّ شَيْءٍ جَعَلَ مُنْذِرٌ وَالِدَهٗ يُوَافِقُ؟ (منذر نے اپنے والد کو کس چیز پر راضی کرلیا؟)

اَلتَّدْرِيْبُ الثَّالِثُ: هَلْ تُوَافِقُ اَمْ لَا تُوَافِقُ؟ وَلِمَاذَا؟۔۔(۱): يَجِبُ اَنْ يَمْنَحَ الْوَالِدُ طِفْلَهٗ مَسَاحَةً مِنَ الْحُرِّيَّةِ حَتّٰى يُعَبِّرَ عَنْ مَشَاعِرِهٖ وَيَخْتَارَ مَا يُحِبُّهٗ وَيَرْغَبُ بِهٖ بِنَفْسِهٖ بِدُوْنِ اَيِّ ضُغُوْطَاتٍ وَاِلَّا سَتَزْدَادُ مُشَاغَبَتُهٗ اَضْعَافاً مُضَاعَفَةً. وَلٰكِنَّ هٰذَا لَا يَعْنِيْ رَخْيَ الْحَبْلِ بِشَكْلٍ كَامِلٍ فَلَا بُدَّ مِنَ الْحَزْمِ فِيْ بَعْضِ الْاُمُوْرِ؛ والدین کو چاہیے کہ اپنے بچے کو آزادی کی جگہ دیں تاکہ وہ اپنے جذبات کا اظہار کرسکیں اور اپنی پسند اور خواہش کا انتخاب، بغیر کسی دباؤ کے خود کرسکیں، ورنہ اس کی ہنگامہ آرائی کئی گُنا بڑھ جائے گی، لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ رسی بالکل ڈھیلی چھوڑ دی جائے، کیونکہ بعض معاملات میں احتیاط ضروری ہے۔ اَنَا اُوَافِقُ عَلٰى تِلْكَ الْفِكْرَةِ لِاَنَّهَا فِكْرَةٌ رَائِعَةٌ۔ (میں اس خیال سے متفق ہوں کیونکہ یہ بہت اچھا خیال ہے)۔۔۔(۲): مِنَ الْاَفْضَلِ الْاِبْتِعَادُ عَنِ الصُّرَاخِ وَالْعَصَبِيَّةِ وَالصَّوْتِ الْعَالِيْ عِنْدَ التَّعَامُلِ مَعَ الطِّفْلِ الْمُشَاغِبِ وَالتَّعَامُلُ مَعَهٗ بِكُلِّ هُدُوْءٍ وَحِكْمَةٍ بِدُوْنِ ضَرْبِهٖ اَوْ تَعْنِيْفِهٖ عَلٰى اَنْ يَكُوْنَ الْاُسْلُوْبُ حَازِماً. وَاِلَّا سَيُصْبِحُ الْاَمْرُ صَعْباً لِلْغَايَةِ؛ شرارتی بچے کے ساتھ معاملہ کرنے کے وقت چیخنے، غصے اور اونچی آواز سے دور رہنا بہتر ہے اور اسے مارنے یا ڈانٹنے کے بغیر اس کے ساتھ پرسکون اور سمجھداری سے پیش آنا بہتر ہے بشرطیکہ اسلوب پختہ ہو، ورنہ معاملہ انتہائی مشکل ہو جائے گا۔ اَنَا اُوَافِقُ عَلٰى تِلْكَ الْفِكْرَةِ لِقَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: اِنَّ اللّٰهَ رَفِيْقٌ يُحِبُّ الرِّفْقَ. وَيُعْطِيْ عَلَيْهِ مَا لَا يُعْطِيْ عَلَى الْعُنْفِ؛ (میں اس خیال سے متفق ہوں کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ رفیق ہے، نرمی پسند کرتا ہے، اور اس پر وہ دیتا ہے، جو سختی پر نہیں دیتا)۔۔۔(۳) اَلْاِهْمَالُ سَيُشْعِرُ الطِّفْلَ بِالْحُزْنِ وَالْبُؤْسِ اللَّذَانِ سَيَنْعَكِسَانِ عَلٰى تَصَرُّفَاتِهٖ. لِيُصْبِحَ مُشَاغِباً جِدًّا. اَمَّا الْاِهْتِمَامُ سَيَجْعَلُهٗ يُشْعِرُ اَنَّهٗ شَخْصٌ مُهِمٌّ ذُوْقِيْمَةٍ فِي الْمَنْزِلِ. سَيُؤَثِّرُ عَلٰى سُلُوْكِهٖ كَثِيْرًا اِبِشَكْلٍ اِيْجَابِيٍّ: بے توجہی بچے کو اس رنجیدگی اور بدحالی کا احساس دلائے گی جو اس کے رویے کو متاثر کریں گی اور وہ بہت فسادی ہوجائے گا، جہاں تک توجہ کا تعلق ہے، تو یہ اسے احساس کرائے گی کہ وہ گھر کا ایک اہم اور قدر والا شخص ہے، یہ بات مثبت انداز سے اس کے رویے پر بہت اثر کرے گی۔۔۔(٤): عِنْدَمَا يَقُوْمُ الطِّفْلُ الْمُشَاغِبُ بِتَصَرُّفٍ خَاطِئٍ غَيْرِ مَقْبُوْلٍ يَتَوَجَّبُ عَلَى الْوَالِدَيْنِ الْقِيَامُ بِالشَّرْحِ لَهٗ عَلٰى اَنَّ مَا قَامَ بِهٖ هُوَ خَطَأٌ وَغَيْرُ صَحِيْحٍ. وَاَنَّ لَهٗ عَوَاقِبَ غَيْرُ جَيِّدَةٍ. وَيَجِبُ اَنَّ مَا قَامَ بِهٖ هُوَ الْاِسْتِمَاعُ لَهٗ جَيِّدًا لِمَعْرِفَةِ الْاَسْبَابِ الْحَقِيْقِيَّةِ وَرَاءَ تَصَرُّفَاتِهٖ؛ جب کوئی شرارتی بچہ کوئی ناقابل قبول، غلط حرکت کرتا ہے تو والدین پر اُسے سمجھانا لازم ہے کہ اس نے جو کیا وہ غلط اور اور غیر صحیح ہے، اور اس کے نتائج اچھے نہیں ہیں، اور اس نے جو کیا ہے اسے غور سے سننا ضروری ہے تاکہ اس کے اقدامات کے پیچھے کی اصل وجوہات کی پہچان ہوسکے۔

اَلتَّدْرِيْبُ الرَّابِعُ: هَاتِ جُمَلًا كَمَا فِي الْمِثَالِ: جملے لائیے جیساکہ مثال میں ہے۔ (۱): فَكَّ مُنْذِرٌ مِحْبَسَ الْمَاءِ؛ (منذر نے پانی کی ٹونٹی کھولی)۔۔مُنْذِرٌ هُوَ الَّذِيْ فَكَّ مِحْبَسَ الْمَاءِ=(منذر وہی ہے جس نے پانی کی ٹونٹی کھولی) مَا فَكَّ مِحْبَسَ الْمَاءِ اِلَّا مُنْذِرٌ؛ (منذر کے سوا کسی نے پانی کی ٹونٹی نہیں کھولی)۔۔(۲): اَصْلَحَ السَّبَّاكُ الْمَغْسَلَةَ؛(پلمبر نےواش بیسن کو ٹھیک کیا)۔ اَلسَّبَّاكُ هُوَ الَّذِيْ اَصْلَحَ الْمَغْسَلَةَ=(پلمبر وہی ہے جس نےواش بیسن کو ٹھیک کیا) مَا اَصْلَحَ الْمَغْسَلَةَ اِلَّا السَّبَّاكُ؛ (پلمبر کے سوا کسی نے واش بیسن کو ٹھیک نہیں کیا)۔۔(۳): مُنْذِرٌ يُجَرِّبُ اَشْيَاءَ مُتَعَطِّلَةً؛ (منذر بیکار چیزوں پر تجربہ کرتا ہے)۔ مُنْذِرٌ هُوَ الَّذِيْ يُجَرِّبُ اَشْيَاءَ مُتَعَطِّلَةً= (منذر وہی ہےجو بیکار چیزوں پر تجربہ کرتاہے)۔ مَا يُجَرِّبُ اَشْيَاءَ مُتَعَطِّلَةً اِلَّا مُنْذِرٌ؛ (منذر کے سوا کوئی بیکار چیزوں پر تجربہ نہیں کرتا ہے)۔۔(٤): يَمْنَحُ الْوَالِدُ طِفْلَهٗ مَسَاحَةً مِنَ الْحُرِّيَّةِ؛ (والد اپنے بچے کو آزادی کی جگہ دیتا ہے)۔ اَلْوَالِدُ هُوَ الَّذِيْ يَمْنَحُ طِفْلَهٗ مَسَاحَةً مِنَ الْحُرِّيَّةِ=(والد وہی ہےجو اپنے بچےکو آزادی کی جگہ دیتا ہے)۔ مَا يَمْنَحُ طِفْلَهٗ مَسَاحَةً مِنَ الْحُرِّيَّةِ اِلَّا الْوَالِدُ؛ (والد کے سوا کوئی اپنے بچے کو آزادی کی جگہ نہیں دیتاہے)۔۔(٥): شَكَرَ مُنْذِرٌ وَالِدَهٗ؛ (منذر نےاپنے والد کاشکریہ ادا کیا)۔ مُنْذِرٌ هُوَ الَّذِيْ شَكَرَ وَالِدَهٗ=(منذر وہی ہےجس نے اپنے والد کاشکریہ ادا کیا)۔ مَا شَكَرَ وَالِدَهٗ اِلَّا مُنْذِرٌ؛ (منذر کےسوا کسی نے اپنےوالد کا شکریہ ادا نہیں کیا)۔

(٦): يُحِبُّ مُنْذِرٌ تَفْكِيْكَ الْاَشْيَاءِ؛ (منذر اشیاء کو بالکل الگ کرنا پسند کرتاہے)۔ مُنْذِرٌ هُوَ الَّذِيْ يُحِبُّ تَفْكِيْكَ الْاَشْيَاءِ=(منذر وہی ہےجو چیزوں کو بالکل الگ کرنا پسند کرتاہے)۔ مَا يُحِبُّ تَفْكِيْكَ الْاَشْيَاءِ اِلَّا مُنْذِرٌ؛ (منذر کےسوا کوئی چیزوں کو بالکل الگ کرنا پسند نہیں کرتا ہے)۔

اَلتَّدْرِيْبُ الْخَامِسُ: (١) **اُكْتُبْ سِتَّ جُمَلٍ عَنْ نَشَاطَاتِكَ؛** (اپنی سرگرمیوں کے بارے میں چھ جملے لکھیں): الجواب: ❶ اِسْمِیْ عَبْدُاللّٰهِ ❷ اَنَا اَسْكُنُ فِیْ مَدِيْنَةِ دُنْيَا بُوْر ❸ اَنَا اَسْتَيْقِظُ كُلَّ يَوْمٍ مَعَ الْفَجْرِ حَوْلَ السَّاعَةِ الْخَامِسَةِ ❹ اَبْتَدِئُ يَوْمِیْ بِالْوُضُوْءِ وَالصَّلٰوةِ وَتِلَاوَةِ الْقُرْآنِ. ❺ اُطَالِعُ فِیْ كُتُبِیْ ❻ اَسْمَعُ اِلَی اَنَاشِيْدَ فِیْ مَدْحِ الرَّسُوْلِ الْكَرِيْمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ (میرا نام عبداللہ ہے، اور میں دنیاپور شہر میں رہتا ہوں، میں ہر روز فجر کے وقت تقریباً پانچ بجے اُٹھتا ہوں، اپنے دن کا آغاز وضو، نماز اور قرآن کی تلاوت سے کرتا ہوں، میں اپنی کتابیں پڑھتا ہوں، میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مدحت میں نعت سنتا ہوں)۔۔۔(٢) اُكْتُبْ سِتَّ جُمَلٍ عَنِ ابْنِكَ وَنَشَاطَاتِهٖ: (اپنے بیٹے اور اس کی سرگرمیوں کے بارے میں چھ جملے لکھیں): الجواب: ❶ اِسْمُ وَلَدِیْ عَبْدُالرَّحْمٰنِ ❷ يَسْتَيْقِظُ مُبَكِّرًا ❸ يُصَلِّیْ جَمِيْعَ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ ❹ يَلْبَسُ مَلَابِسَهُ الْجَامِعَةَ ❺ يَذْهَبُ اِلٰی جَامِعَةِ الْمَدِيْنَةِ ❻ وَحِيْنَ يَرْجِعُ اِلٰی مَنْزِلِهٖ يَحْفَظُ دُرُوْسَهٗ؛ (میرے بیٹے کا نام عبدالرحمن ہے، وہ صبح سویرے اُٹھتا ہے، وہ پانچوں نمازیں پڑھتا ہے، جامعہ کے کپڑے پہنتا ہے، جامعۃ المدینہ جاتا ہے اور جب وہ اپنے گھر لوٹتا ہے تو اپنے اسباق یاد کرتا ہے)۔۔۔(٣) اُكْتُبْ سِتَّ جُمَلٍ عَنْ صَدِيْقِكَ وَنَشَاطَاتِهٖ؛ (اپنے دوست اور اس کی سرگرمیوں کے بارے میں چھ جملے لکھیں): ❶ اَنَسٌ هُوَ اَعَزُّ اَصْدِقَائِیْ. ❷ يَدْرُسُ فِیْ جَامِعَةِ الْمَدِيْنَةِ. ❸ يُرَاجِعُ دُرُوْسَهٗ فِی الْوَقْتِ الْمُعَيَّنِ. ❹ يَكْتُبُ الْوَاجِبَ الْمَنْزِلِیَّ. ❺ يُشَاهِدُ قَنَاةَ مَدَنِیّ ❻ وَيَزُوْرُ اَصْدِقَائَهٗ اَحْيَانًا؛ (انس میرا سب سے اچھا دوست ہے، وہ جامعۃ المدینہ میں پڑھتا ہے، وہ مقررہ وقت میں اپنے اسباق دُہراتا ہے، وہ ہوم ورک لکھتا ہے، وہ مدنی چینل دیکھتا ہے اور کبھی کبھی اپنے دوستوں سے ملنے جاتا ہے)۔۔۔(٤): اُكْتُبْ سِتَّ جُمَلٍ عَنْ اَخِيْكَ وَنَشَاطَاتِهٖ؛ (اپنے بھائی اور اس کی سرگرمیوں کے بارے میں چھ جملے لکھیں): الجواب: ❶ اَخِیْ اَصْغَرُ مِنِّیْ. ❷ اِسْمُهٗ يُوْنُسُ. ❸ هُوَ طَالِبٌ بِالْجَامِعَةِ. ❹ يَسْتَمِعُ اِلَی الدُّرُوْسِ. ❺ يُحَضِّرُ الدُّرُوْسَ مَعَ التَّقْيِيْدِ. ❻ فِی الْغَالِبِ هُوَ مَشْغُوْلٌ بِدِرَاسَاتِهٖ۔ (میرا بھائی مجھ سے چھوٹا ہے، اس کا نام یونس ہے، وہ جامعہ کا اسٹوڈنٹ ہے، وہ اسباق غور سے سنتا ہے، وہ پابندی کے ساتھ اسباق کی تیاری کرتا ہے، زیادہ تر وہ اپنی تعلیم میں مصروف رہتا ہے)

اَلتَّدْرِيْبُ السَّادِسُ: (١) اُكْتُبْ سِتَّ جُمَلٍ تَكُوْنُ الصِّفَةُ فِيْهَا جُمْلَةً فِعْلِيَّةً. كَمَا فِی الْمِثَالِ: مُنْذِرٌ طِفْلٌ يَرْغَبُ فِیْ اَنْ يَكْتَسِبَ مَهَارَةً جَدِيْدَةً؛ (چھ جملے لکھیں جن میں صفت جملہ فعلیہ ہو، جیساکہ مثال میں ہے: منذر ایسا بچہ ہے جو ایک نئی مہارت حاصل کرنے میں رغبت رکھتا ہے)۔ الجواب: ❶ اَلْقَنَاعَةُ مَالٌ لَا يَنْفُدُ؛ (قناعت ایسا مال ہےجو ختم نہیں ہوتا)۔ ❷ زَيْدٌ طَالِبٌ يَنْتَبِهُ لِلدَّرْسِ؛ (زید ایسا طالبِ علم ہےجو سبق اچھی طرح سمجھتاہے)۔ ❸ اَلْكَلِمَةُ لَفْظٌ وُضِعَ لِمَعْنًی مُفْرَدٍ؛ (کلمہ ایسا لفظ ہےجو مفرد معنی کیلئے وضع کیا گیا ہے)۔ ❹ زَيْدٌ طَالِبٌ يَجْتَهِدُ كَثِيْرًا؛ (زید ایسا طالبِ علم ہےجو بہت محنت کرتا ہے)۔ ❺ هٰذِهٖ نَاقَةٌ يَعْمَلَةٌ؛ (یہ ایسی اونٹنی ہےجو بہت زیادہ کام کرتی ہے)۔ ❻ جَاءَ رَجُلٌ يَخَافُ؛ ایسا مرد آیا جو ڈرتا ہے۔۔۔(٢) كَوِّنْ سِتَّ جُمَلٍ يَكُوْنُ النَّعْتُ فِيْهَا جُمْلَةً اِسْمِيَّةً. كَمَا فِی الْمِثَالِ: هٰذَا يَوْمٌ حَرُّهٗ شَدِيْدٌ؛ (چھ جملےتحریر کریں جن میں صفت جملہ اسمیہ ہو، جیساکہ مثال میں ہے: یہ بہت گرم دن ہے)۔ الجواب: ❶ جَاءَ رَجُلٌ اَبُوْهُ عَالِمٌ؛ (ایسا مرد آیا جس کا والد عالم ہے)۔❷ جَاءَ رَجُلٌ اَخُوْهُ طَبِيْبٌ؛ ایسا مرد آیا جس کا بھائی ڈاکٹر ہے۔❸ جَاءَ رَجُلٌ اَبُوْهُ ذُوْمَالٍ؛ ایسا مرد آیا جس کا باپ مال والا ہے۔ ❹ وَسَارِعُوْا اِلٰی مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ؛ (اور اپنے رب کی بخشش اور اس جنت کی طرف دوڑو جس کی وسعت آسمانوں اور زمین کے برابر ہے)۔ ❺ هٰذِهٖ شَجَرَةٌ ثِمَارُهَا حُلْوَةٌ؛ (یہ ایسا درخت ہے جس کے پھل میٹھے ہیں) ❻ رَاَيْتُ رَجُلًا هُوَ يُكْرِمُكَ؛ (میں نے ایسے شخص کو دیکھا جو آپ کی تعظیم کرتا ہے)۔۔۔(٣) كَوِّنْ سِتَّ جُمَلٍ يَكُوْنُ النَّعْتُ فِيْهَا ظَرْفًا. كَمَا فِی الْمِثَالِ: وَدَّ كَثِيْرٌ مِنْ اَهْلِ الْكِتَابِ / شَاهَدْتُ كِتَابًا فَوْقَ الطَّاوِلَةِ۔ (چھ جملے بنائیں جن میں صفت ظرف ہو، جیساکہ مثال میں ہے: بہت سے اہلِ کتاب نے چاہا / میں نے میز پر ایک کتاب دیکھی)۔الجواب: ❶ كُلُّ رَجُلٍ فِی الدَّارِ فَلَهٗ دِرْهَمٌ؛ (ہر ایسا مرد جو گھر میں ہے اس کیلئے ایک درہم ہے)۔ ❷ رَجُلٌ مِنْهُمْ ضَرَبَ زَيْدًا؛ (ان میں سے ایک مرد نے زید کو مارا) ❸ رَجُلٌ مِّنْ اَعْلٰی نَسَبٍ كَرِيْمٌ؛ (ایسا مرد جو اعلیٰ نسب سے ہے، کریم ہے) ❹ اِشْتَرَيْتُ بَيْتًا خَلْفَ الْمَسْجِدِ؛ (میں نے ایسا گھر خریدا جو مسجد کے پیچھے ہے) ❺ رَفَعْتُ قَلَمًا تَحْتَ الْمَكْتَبِ؛ (میں نے ایسا قلم اُٹھایا جو ڈیسک کے نیچے تھا) ❻ اَخَذْتُ وِسَادَةً تَحْتَ السَّرِيْرِ؛ (میں نے ایسا تکیہ لیا جو چارپائی کے نیچے تھا)

اَلتَّدْرِيْبُ السَّابِعُ: اِسْتَعْمِلِ الْكَلِمَاتِ الْاٰتِيَةَ فِیْ جُمَلٍ مُفِيْدَةٍ مِنْ عِنْدِكَ۔ (آنے والے کلمات کو اپنی طرف سے مفید جملوں میں استعمال کیجئے)۔

الجواب: ❶ يَسْتَكْشِفُ= يَسْتَكْشِفُ زَيْدٌ اَشْيَاءَ جَدِيْدَةً (زید نئی چیزیں دریافت کرتا ہے)۔ ❷ مُشَاغِبٌ =صَارَ الْوَلَدُ مُشَاغِبًا (بچہ شرارتی ہوگیا) ❸ تَطْوِيْرٌ= اُطَوِّرُ اَشْيَاءَ تَطْوِيْرًا؛ (میں واقعی اشیاء کو نئی تشکیل دیتا ہوں) ❹ يُتِيْحُ= يُتِيْحُ اَبِیْ فُرَصًا لِتَحْصِيْلِ الْعِلْمِ (میرے والد مجھے علم حاصل کرنے کے مواقع فراہم کرتے ہیں)۔ ❺ اَخَذَ يَثُوْرُ عَلٰی= اَلْغُبَارُ اَخَذَ يَثُوْرُ عَلَی الْاَرْضِ (زمین پر دھول اڑنے لگی)۔ ❻ اِبَّانَ= زُرْتُ مُرْشِدِیْ اِبَّانَ الصَّيْفِ (میں نے گرمیوں کے دوران اپنے مرشد کی زیارت کی)۔ ❼ تَنْمِيَةٌ= اُحَاوِلُ كَثِيْرًا لِتَنْمِيَةِ الْمَهَارَاتِ (میں صلاحیتیں بڑھانے کی بہت کوشش کرتا ہوں)۔ ❽ وَلَدٌ هَادِئٌ= صَارَ الْوَلَدُ هَادِئًا (لڑکا پرسکون ہے)۔ ❾ مَهَارَاتٌ= اُحَاوِلُ كَثِيْرًا لِتَنْمِيَةِ الْمَهَارَاتِ (میں صلاحیتیں بڑھانے کی بہت کوشش کرتا ہوں)۔

اَلتَّدْرِيْبُ الثَّامِنُ: تَرْجِمْ مِنَ الْاُرْدِيَّةِ اِلَی الْعَرَبِيَّةِ: (١) ہمارے ہاں ان بچوں کو پسند کیا جاتا ہے جو فرمانبردار ہیں، دوسروں کا ادب کرتے ہیں،اپنا کام وقت پر مکمل کرتے ہیں؛ يُحَبُّ عِنْدَنَا الْاَطْفَالُ الْمُطِيْعُوْنَ، الْمُؤَدِّبُوْنَ مَعَ الْآخَرِيْنَ، يُكْمِلُوْنَ عَمَلَهُمْ فِی الْوَقْتِ الْمُحَدَّدِ۔ جبکہ اس کے مقابلے میں ہم ایسے بچوں کو پسند نہیں کرتے جو بہت زیادہ سوال پوچھتے ہیں؛ بَيْنَمَا فِی الْمُقَابِلِ. لَا نُحِبُّ الْاَطْفَالَ الَّذِيْنَ يَسْاَلُوْنَ الْكَثِيْرَ مِنَ الْاَسْئِلَةِ۔ اپنی صلاحیتوں کی بدولت نئے نئے آئیڈیاز تخلیق کرتے ہیں اور ان کی بنیاد پر نئی نئی اختراعات کرتے ہیں، اپنی بات پر ڈٹے رہتے ہیں؛ يَبْتَكِرُوْنَ اَفْكَارًا جَدِيْدَةً بِفَضْلِ مَهَارَاتِهِمْ، وَيَصْنَعُوْنَ ابْتِكَارَاتٍ جَدِيْدَةً بِنَاءً عَلَيْهَا، يَتَمَسَّكُوْنَ بِكَلِمَاتِهِمْ۔ پہلی قسم کے بچے کو ہم اچھا بچہ کہتے ہیں اور دوسری قسم کے بچے کو ہم بدتمیز یا نافرمان بچہ سمجھتے ہیں، ہمارے ماحول میں بھی تخلیقی سوچ کی حوصلہ شکنی کی جاتی ہے؛ نُسَمِّی النَّوْعَ الْاَوَّلَ مِنَ الْاَطْفَالِ "الطِّفْلَ الْجَيِّدَ" وَالنَّوْعَ الثَّانِیْ مِنَ الْاَطْفَالِ نَعْتَبِرُهُ الطِّفْلَ الْمُشَاغِبَ اَوِ الْعَاصِیَ. يُثَبِّطُ التَّفْكِيْرُ الْاِبْدَاعِیُّ اَيْضًا فِیْ بِيْئَتِنَا۔ والدین کو چاہیے کہ مداخلت کئے بغیر بچوں کو اپنی صلاحیتیں نکھار کرنے کے لئے انہیں دریافت کرنے اور تخلیق کرنے کا مناسب وقت دیں، اور اپنے بچوں میں تخلیقی صلاحیتیں بیدار کریں اور اپنے بچوں کی کامیابی کی حوصلہ افزائی کریں؛ يَجِبُ عَلَی الْآبَاءِ دُوْنَ التَّدَخُّلِ اِعْطَاءُ الْوَقْتِ الْمُنَاسِبِ لِلْاَطْفَالِ لِتَنْمِيَةِ مَهَارَاتِهِمْ لِلْاِسْتِكْشَافِ وَالْاِبْدَاعِ. وَاِيْقَاعُ الْاِبْدَاعِ فِیْ اَطْفَالِهِمْ وَتَشْجِيْعُ اَطْفَالِهِمْ عَلَی النَّجَاحِ۔۔۔(٢) اگر ایک کام کو غلط یا برا کہیں تو ساتھ ساتھ صحیح اور اچھے کام کی بھی نشاندہی بھی کریں،اس طرح ایک مثبت ذہن تیار ہوگا؛ اِذَا كَانَ الْعَمَلُ يُسَمّٰی خَطَأً اَوْ سَيِّئًا هٰكَذَا مَعًا حُدِّدَ اَيْضًا الْعَمَلُ الصَّحِيْحُ وَالْجَيِّدُ. وَهٰكَذَا

يَتَطَوَّرُ عَقْلٌ اِيْجَابِيٌّ۔ ہر بچہ تخلیقی دماغ کا حامل ہوتا ہے مگر شرط یہ ہے کہ اس کی درست سمت میں رہنمائی کی جائے، عام طور پر والدین بچے کی شخصیت کے اس پہلو پر توجہ نہیں دیتے؛ كُلُّ طِفْلٍ لَدَيْهِ عَقْلٌ اِبْدَاعِيٌّ وَلٰكِنَّ الشَّرْطَ هُوَ اَنَّهٗ يَنْبَغِيْ تَوْجِيْهُهٗ فِي الْجِهَةِ الصَّحِيْحِ. وَعَادَةً لَا يَلْتَفِتُ الْوَالِدَانِ اِلٰى هٰذَا الْجَانِبِ مِنْ شَخْصِيَّةِ الطِّفْلِ۔ جب بھی کوئی بچہ اپنے طور پر کوئی کام کرنے کی کوشش کرتا ہے تو اکثر اوقات اس سے بہت زیادہ روک ٹوک کی جاتی ہے؛ عِنْدَمَا يُحَاوِلُ الطِّفْلُ اَنْ يَفْعَلَ شَيْئًا بِمُفْرَدِهٖ. فَاِنَّهٗ غَالِبًا مَا يَكُوْنُ شَدِيْدَ التَّقْيِيْدِ۔ بچے کو مختلف کاموں سے روکنے کی بجائے انہیں اپنے خیالات کا اظہار کرنے کی مکمل آزادی دینی چاہیے، وگرنہ اس کا بچے کی تخلیقی صلاحیتوں پر نہایت منفی اثر پڑے گا؛ بَدَلًا مِنْ تَقْيِيْدِ الطِّفْلِ مِنَ الْاَنْشِطَةِ الْمُخْتَلِفَةِ. يَجِبُ اِعْطَاؤُهُمُ الْحُرِّيَّةَ الْكَامِلَةَ لِلتَّعْبِيْرِ عَنْ اَفْكَارِهِمْ. وَاِلَّا فَسَيَكُوْنُ لِذٰلِكَ تَاْثِيْرٌ سَلْبِيٌّ لِلْغَايَةِ عَلٰى اِبْدَاعِ الطِّفْلِ۔ والدین کا فرض ہے کہ وہ اپنے بچوں کے ساتھ بیٹھیں، باتیں کریں، کیریئر بنانے میں ان کی رہنمائی کریں، لیکن ان کیلئے کسی پیشے کا انتخاب زبردستی نہ کریں، ان کی خواہش کے خلاف کیریئر کا انتخاب نہ کریں؛ مِنْ وَاجِبِ الْوَالِدَيْنِ الْجُلُوْسُ مَعَ اَطْفَالِهِمْ. وَالتَّحَدُّثُ. وَاِرْشَادُهُمْ فِيْ صَنْعِ مِهْنَةٍ. وَلٰكِنْ لَا يَخْتَارُوْنَ مِهْنَةً لَهُمْ بِالْقُوَّةِ. وَلَا يَخْتَارُوْنَ مِهْنَةً ضِدَّ اِرَادَتِهِمْ۔

◈ قِصَّةُ طَارِقٍ الَّذِيْ يُحِبُّ الْقَوَارِبَ ◈ (طارق کی کہانی جو کشتیوں سے محبت کرتا ہے)

يُحِبُّ طَارِقٌ الْبَحْرَ وَالْقَوَارِبَ جِدًّا. طارق سمندر اور کشتیوں کو بہت پسند کرتا ہے۔ فَهُوَ دَائِمًا يَسْرَحُ بِخَيَالِهٖ وَيَتَخَيَّلُ اَنَّهٗ يَذْهَبُ اِلَى الْبَحْرِ مَعَ قَارِبِهٖ وَيَرْسُمُ دَائِمًا قَوَارِبَ مُخْتَلِفَةَ الْاَلْوَانِ وَالْاَشْكَالِ؛ وہ ہمیشہ اپنے خیالوں میں گم رہتا ہے اور تصور کرتا ہے کہ وہ اپنی کشتی کے ساتھ سمندر میں جا رہا ہے اور ہمیشہ مختلف رنگوں اور شکلوں کی کشتیوں کی تصویر بناتا ہے۔ وَيُعَلِّقُهَا عَلٰى جُدْرَانِ غُرْفَتِهٖ. اَحْيَانًا يَذْهَبُ مَعَ صَدِيْقِهٖ اِلَى الْبَحْرِ. وَيَسْتَمْتِعَانِ بِاللَّعِبِ وَمُشَاهَدَةِ الْقَوَارِبِ عَلٰى شَاطِئِ الْبَحْرِ؛ وہ انہیں اپنے کمرے کی دیواروں پر لٹکا دیتا ہے، کبھی وہ اپنے دوست کے ساتھ سمندر کی طرف جاتا ہے، اور وہ دونوں سمندر کے کنارے پر کھیلنے اور کشتیوں کو دیکھنے سے لطف اندوز ہوتے ہیں۔ وَيَحْلُمُ عِنْدَمَا يَكْبُرُ اَنْ يُصْبِحَ قُبْطَانًا لِسَفِيْنَةٍ كَبِيْرَةٍ؛ جب وہ بڑا ہوگا ہے تو وہ ایک بڑے جہاز کا کپتان بننے کا خواب دیکھتا ہے۔ وَلٰكِنَّ وَالِدَ طَارِقٍ وَوَالِدَتَهٗ لَمْ يَكُوْنَا سَعِيْدَيْنِ بِذٰلِكَ وَيَعْتَقِدَانِ اَنَّ هُنَاكَ اَشْيَاءَ مُهِمَّةً اَكْثَرَ مِنَ الْقَوَارِبِ؛ لیکن طارق کے والد اور والدہ اس پر خوش نہیں ہیں اور وہ سمجھتے ہیں کہ یہاں ایسی چیزیں ہیں جو کشتیوں سے زیادہ اہم ہیں۔ وَيُرِيْدَانِ مِنْ طَارِقٍ اَنْ يَجْتَهِدَ اَكْثَرَ فِي الْمَدْرَسَةِ وَيُؤَدِّيْ وَاجِبَاتِهٖ اَوَّلًا بِاَوَّلٍ وَيُشَارِكَ اَصْدِقَاءَهُ اللَّعِبَ فِي الْحَدِيْقَةِ بَدَلَ اَنْ يَجْلِسَ وَحِيْدًا وَيَسْرَحَ وَيَتَخَيَّلَ؛ وہ طارق سے یہ چاہتے ہیں کہ وہ اسکول میں سخت محنت کرے، اپنا ہوم ورک جلد از جلد کرے، اور اپنے دوستوں کے ساتھ باغ میں کھیلے، بجائے اس کے کہ وہ اکیلا بیٹھے، خیالوں میں گم رہے اور تصور کرے۔ لَمْ يَتَمَكَّنْ وَالِدُ طَارِقٍ مِنْ حَلِّ الْمُشْكِلَةِ. فَذَهَبَ اِلٰى مُعَلِّمِ طَارِقٍ. لِيُقَدِّمَ لَهُ النَّصِيْحَةَ. شَرَحَ وَالِدُ طَارِقٍ الْمُشْكِلَةَ لِلْمُعَلِّمِ. وَلٰكِنَّ الْمُعَلِّمَ لَمْ يَسْتَغْرِبْ. بَلْ اِبْتَسَمَ؛ طارق کے والد مسئلہ حل نہیں کر سکتے تھے، اس لیے وہ طارق کے استاد کے پاس گئے تاکہ وہ اُسے نصیحت کریں۔ طارق کے والد نے استاد صاحب کو مسئلہ کی وضاحت کی، لیکن استاد صاحب حیران نہیں ہوئے، بلکہ مسکرائے۔ وَقَالَ: لَا تَقْلَقْ عَلٰى طَارِقٍ. فَهُوَ وَلَدٌ ذَكِيٌّ وَاَكْمَلَ: لَا تَجْعَلْ مِنَ الْاَمْرِ مُشْكِلَةً كَبِيْرَةً بَلْ حَاوِلْ اَنْ تَسْتَفِيْدَ مِنْ حُبِّهٖ لِلْقَوَارِبِ بِطَرِيْقَةٍ صَحِيْحَةٍ۔ اور اس نے کہا: طارق کی فکر نہ کرو، وہ ایک ذہین لڑکا ہے۔ اس نے بات جاری رکھی: اِسے کوئی بڑا مسئلہ نہ بنائیں، بلکہ کشتیوں سے اس کی محبت سے صحیح طریقے سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کریں۔ اِقْتَرَحَ الْمُعَلِّمُ عَلَيْهِ اَنْ يَذْهَبَ لِلْاُسْتَاذِ قَاسِمِ الَّذِيْ يُعْطِيْ نَشَاطَاتٍ يَدَوِيَّةً لِلطُّلَّابِ بَعْدَ اِنْتِهَاءِ وَقْتِ الْمَدْرَسَةِ؛ استاد نے مشورہ دیا کہ وہ پرفیسر قاسم کے پاس جائیں، جو اسکول کے بعد طلباء کو دستی سرگرمیاں فراہم کرتے ہیں۔ صَارَ طَارِقٌ يَقْضِيْ مُعْظَمَ وَقْتِهٖ بَعْدَ الْمَدْرَسَةِ فِي الْعَمَلِ مَعَ الْاُسْتَاذِ قَاسِمٍ. وَيَتَعَلَّمُ طِلَاءَ الْجُدْرَانِ وَتَصْلِيْحَ الْاَشْيَاءِ الْمَكْسُوْرَةِ؛ اسکول کے بعد طارق نے اپنا زیادہ تر وقت پروفیسر قاسم کے ساتھ کام کرنے میں گزارا، دیواروں کو پینٹ کرنا اور ٹوٹی ہوئی چیزوں کو ٹھیک کرنا سیکھا۔ اِقْتَرَحَ طَارِقٌ عَلٰى اُسْتَاذِهٖ قَاسِمٍ اَنْ يَصْنَعَا قَارِبًا مِنَ الْخَشَبِ فَوَافَقَ الْاُسْتَاذُ وَبَدَا بِتَقْطِيْعِ الْخَشَبِ اِسْتِعْدَادًا لِلْعَمَلِ؛ طارق نے اپنے پرفیسر قاسم کو تجویز دی کہ وہ لکڑی سے ایک کشتی بنائیں پس پروفیسر صاحب راضی ہوگئے اور کام کی تیاری کرنے کیلئے لکڑی کے کاٹنے سے ابتداء کردی۔ وَفِيْ غُضُوْنِ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ صَنَعَ طَارِقٌ وَاُسْتَاذُهٗ قَارِبًا رَائِعًا؛ تین دن کے اندر طارق اور اس کے پروفیسر صاحب نے ایک شاندار کشتی بنائی۔

سَاَلَهُ الْاُسْتَاذُ قَاسِمٌ: هَلْ تُرِيْدُ اَنْ تُصْبِحَ قُبْطَانًا مَاهِرًا اِذَا كَبُرْتَ؟ اَجَابَهٗ طَارِقٌ: نَعَمْ. فَاَنَا اُحِبُّ الْبَحْرَ وَالسُّفُنَ وَالْقَوَارِبَ. فَقَالَ لَهُ الْاُسْتَاذُ: اِذَنْ عَلَيْكَ اَنْ تُطَوِّرَ مَهَارَاتِكَ فِيْ كُلِّ الْمَجَالَاتِ؛ پروفیسر قاسم نےاس سے پوچھا: کیا تم ہنرمند کپتان بننا چاہتے ہو جب تم بڑے ہوجاؤ؟ طارق نے جواب دیا: جی ہاں! کیونکہ مجھے سمندر، بحری جہاز اور کشتیاں بہت پسند ہیں۔ پروفیسر نےاس سے کہا: پھر تمہیں تمام شعبوں میں اپنی صلاحیتوں کو نکھارنا ہوگا۔ وَمِنَ الْجَيِّدِ اَنْ تَخْتَلِطَ بِاَقْرَانِكَ فِي الْمَدْرَسَةِ. لِتَتَعَلَّمَ مِنْهُمْ وَتَسْتَفِيْدَ مِنْ خِبْرَاتِ الْآخَرِيْنَ لِتَتَّسِعَ مَدَارِكُكَ؛ كَانَ طَارِقٌ مُنْصِتًا لِكَلَامِ الْاُسْتَاذِ قَاسِمٍ؛ یہ آپ کیلئے اچھا ہے کہ آپ اسکول میں اپنے ساتھیوں کے ساتھ کھل مل جائیں، تاکہ آپ ان سے سیکھیں اور دوسروں کے تجربات سے فائدہ حاصل کریں، تاکہ آپ کی علمی صلاحیتیں وسیع ہوجائیں۔ طارق پروفیسر قاسم کا کلام سن رہا تھا۔ اَصْبَحَ طَارِقٌ يَدْرُسُ بِجِدٍّ وَحَمَاسٍ. لِيَتَحَسَّنَ مُسْتَوَاهُ الدِّرَاسِيُّ؛ وَيَلْعَبُ مَعَ اَصْدِقَائِهٖ فِيْ فَتْرَةِ الرَّاحَةِ. وَيُشَارِكُهُمْ رُسُوْمَاتِهِ الَّتِيْ يَرْسُمُهَا؛ طارق اپنی تعلیمی سطح کو بہتر بنانے کیلئے محنت و جوش سے پڑھنے لگا۔ وہ وقفے کے دوران اپنے دوستوں کے ساتھ کھیلتا ہے، اور وہ انہیں اپنی اس ڈرائنگ میں شریک کرتاہے جس کا وہ نقش بناتا ہے۔ صَارَ طَارِقٌ سَعِيْدًا. لِاَنَّهٗ اَصْبَحَ لَدَيْهِ اَصْدِقَاءُ كُثُرٌ. وَفَرِحَ بِهٖ اَبَوَاهُ غَايَةَ الْفَرَحِ. وَاَسْبَغَا عَلَيْهِ مِنْ حَنَانِهِمَا وَعَطْفِهِمَا. لِاَنَّهٗ حَصَلَ عَلٰى تَكْرِيْمٍ. لِتَمَيُّزِهٖ فِي الْمَدْرَسَةِ؛ طارق خوش نصیب ہوگیا، کیونکہ اس کے بہت سے دوست تھے، اور اس کے والدین اس سے انتہائی خوش تھے، اُنہوں نے اُس پر اپنی شفقت اور ہمدردی کا اظہار کیا، کیونکہ اُس نے اسکول میں اپنی شاندار کارکردگی کی وجہ سے اعزاز حاصل کیا تھا۔

اَلتَّدْرِيْبُ الْاَوَّلُ: مَاذَا تُفَضِّلُ؟ وَلِمَاذَا؟ (آپ کیا پسند کرتے ہیں؟ اور کیوں؟)۔۔(۱): اَنْ تُصْبِحَ قُبْطَانًا مَاهِرًا اَوْ مُدَرِّسًا نَاجِحًا عِنْدَمَا تَكْبُرُ؟ (بڑے ہوکر ایک ہنرمند کپتان یا کامیاب استاد بننا؟ الجواب: اُفَضِّلُ اَنْ اُصْبِحَ مُدَرِّسًا نَاجِحًا لِتَبْلِيْغِ عُلُوْمِ الشَّرِيْعَةِ عِنْدَمَا اَكْبُرُ؛ (بڑے ہوکر میں علومِ شریعت پہنچانے کیلئے کامیاب استاد بننے کو پسند کرتا ہوں)۔۔۔(۲) اَنْ تُجَالِسَ الْاَهْلَ وَالْاَصْدِقَاءَ اَوْ تَجْلِسَ وَحِيْدًا وَتَتَخَيَّلَ؟ (خاندان اور دوستوں کے ساتھ بیٹھنا، یا اکیلے بیٹھ کر تصور کرنا؟) الجواب: اُفَضِّلُ اَنْ اُجَالِسَ الْاَهْلَ وَالْاَصْدِقَاءَ بِسَبَبِ حُكْمِ الشَّرِيْعَةِ (میں حکمِ شریعت کی وجہ سے خاندان اور دوستوں کے ساتھ بیٹھنے کو پسند کرتا ہوں)۔۔۔(۳): اَنْ يَكُوْنَ لَكَ اِخْوَةٌ وَاَخَوَاتٌ اَمْ اَنْ تَكُوْنَ وَحِيْدًا؟ (تیرے لئے بھائی اور بہنیں ہونا یا تنہا رہنا؟) الجواب: اُفَضِّلُ اَنْ يَكُوْنَ لِيْ اِخْوَةٌ وَاَخَوَاتٌ لِاُقَدِّمَ لَهُمْ مَعْرُوْفًا (میں پسند کرتا

ہوں کہ میرے بھائی اور بہنیں ہوں تاکہ میں ان سے بھلائی کر سکوں)۔۔۔(٤): اَنْ تُصْبِحَ شَخْصاً اَفْضَلَ غَيْرَ عَادِيٍّ اَوْ شَخْصاً عَادِياً؟ (ایک غیر معمولی بہتر انسان بننا یا ایک عام انسان؟) الجواب: أُفَضِّلُ اَنْ أُصْبِحَ شَخْصاً اَفْضَلَ غَيْرَ عَادِيٍّ حَتّٰى اَتَمَكَّنَ مِنْ مُسَاعَدَةِ النَّاسِ (میں ایک غیر معمولی بہتر انسان بننا پسند کرتا ہوں تاکہ لوگوں کی مدد کر سکوں)۔۔۔(٥) زِيَارَةَ قَرِيْبِكَ اَوْ مُشَاهَدَةَ قَنَاةٍ اِسْلَامِيَّةٍ اَوْ تَوْجِيْهَ النَّاسِ اِلَى الْخَيْرِ اَوِ الذَّهَابِ مَعَ الْاَهْلِ اِلَى الْاَمَاكِنِ التَّرْفِيْهِيَّةِ عِنْدَمَا يَكُوْنُ لَدَيْكَ ثَلَاثُ سَاعَاتِ فَرَاغٍ؟ (اپنے رشتہ دار کے پاس جانا، اسلامی چینل دیکھنا، لوگوں کو نیکی کی رہنمائی کرنا، یا اپنے خاندان کے ساتھ تفریحی مقامات پر جانا جب تیرے پاس فرصت کے تین گھنٹے ہوں؟) الجواب: أُفَضِّلُ اَنْ أُصْبِحَ زِيَارَةَ قَرِيْبِيْ اَوْ مُشَاهَدَةَ قَنَاةٍ اِسْلَامِيَّةٍ اَوْ تَوْجِيْهَ النَّاسِ اِلَى الْخَيْرِ لِاَنَّنَا لَا اُضِيْعُ وَقْتِيْ (میں اپنے رشتہ دار کے پاس جانے، اسلامی چینل دیکھنے، لوگوں کو نیکی کی رہنمائی کرنے کو ترجیح دوں گا۔ تاکہ میں اپنا وقت ضائع نہ کروں)۔۔۔(٦): اَنْ تَتَفَوَّقَ فِيْ دِرَاسَتِكَ اَوْ تَرْفُضُ الدِّرَاسَةَ؟ (اپنی پڑھائی میں سبقت حاصل کرنا یا پڑھائی سے انکار کرنا؟) الجواب: أُفَضِّلُ اَنْ اَتَفَوَّقَ فِيْ دِرَاسَتِيْ لِاَنَّ فِيْ هٰذَا نَجَاحَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ (میں اپنی پڑھائی میں سبقت حاصل کرنے کو ترجیح دیتا ہوں کیونکہ اسی میں دنیا وآخرت کی کامیابی ہے)

(٧): اَنْ تَتَعَلَّمَ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ اَوِ اللُّغَةَ الْاِنْجِلِيْزِيَّةَ؟ (عربی زبان سیکھنا یا انگریزی زبان؟) الجواب: أُفَضِّلُ اَنْ اَتَعَلَّمَ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ لِاَنَّ الْقُرْآنَ عَرَبِيٌّ وَلِسَانَ رَسُوْلِ اللّٰهِ عَرَبِيٌّ (میں عربی زبان سیکھنے کو ترجیح دیتا ہوں کیونکہ قرآن عربی ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مبارک زبان عربی ہے)۔۔۔(٨) اَنْ تَدْرُسَ اَوْ تَعْمَلَ؟ پڑھنا یا کام کرنا؟ الجواب: أُفَضِّلُ اَنْ اَدْرُسَ وَاَعْمَلَ الْاَعْمَالَ الْحَسَنَةَ لِقَوْلِهٖ تَعَالٰى لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ (میں پڑھنے اور کام کرنے کو پسند کرتا ہوں کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: بیشک تمہارے لئے اللہ کے رسول (کی سیرت) میں بہترین نمونہ (طریقہ) موجود ہے)۔۔۔(٩): اَنْ تَطْلُبَ الْعِلْمَ الشَّرْعِيَّ اَوِ الْعِلْمَ الدُّنْيَوِيَّ؟ علمِ شریعت حاصل کرنا یا دنیاوی علم؟ الجواب: أُفَضِّلُ اَنْ اَطْلُبَ الْعِلْمَ الشَّرْعِيَّ لِأَنَّ الْعِلْمَ الشَّرْعِيَّ سَبَبُ سَعَادَةِ الدَّارَيْنِ (میں علمِ شریعت حاصل کرنے کو ترجیح دیتا ہوں کیونکہ علمِ شریعت دونوں جہاں کی سعادت کا سبب ہے)

اَلتَّدْرِيْبُ الثَّانِيْ: اَكْمِلِ الْجُمَلَ الْاٰتِيَةَ بِكَلِمَةٍ مُنَاسِبَةٍ مِنَ الْجَدْوَلِ: (ٹیبل سے کسی مناسب لفظ کے ساتھ درج ذیل جملے مکمل کریں)

① كَانَ طِفْلٌ صَغِيْرٌ۔۔يَحْلُمُ۔۔اَنْ يُصْبِحَ عَالِماً كَبِيْرًا مِنْ عُلَمَاءِ الدِّيْنِ۔۔عِنْدَمَا۔۔يَكْبُرُ؛ (ایک چھوٹا بچہ خواب دیکھا کرتا تھا کہ وہ بڑا ہوکر بڑا عالم دین بنے گا)۔ ② لِاَنَّ الدَّالَّ۔۔عَلَى الْخَيْرِ۔۔كَفَاعِلِهٖ؛ (کیونکہ بھلائی کا راستہ بتانے والا بھلائی کرنے والے کی طرح ہے) ③ وَاِذَا مَاتَ الْعَالِمُ وَانْتَفَعَ۔۔النَّاسُ۔۔بِعِلْمِهٖ فَاِنَّ اَجْرَهٗ عِنْدَ اللّٰهِ لَا يَنْقَطِعُ۔۔بِمَوْتِهٖ۔۔بَلْ يَجْرِيْ لَهٗ؛ (اور اگر عالم فوت ہوجائے اور لوگ اس کے علم سے مستفید ہوں تو اللہ تعالیٰ کے ہاں اس کا اجر اس کی موت سے ختم نہیں ہوتا بلکہ اس کیلئے جاری رہتا ہے)۔ ④ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: اِذَا مَاتَ الْاِنْسَانُ اِنْقَطَعَ عَمَلُهٗ اِلَّا مِنْ ثَلَاثَةٍ. اِلَّا مِنْ صَدَقَةٍ جَارِيَةٍ. اَوْ عِلْمٍ يُنْتَفَعُ بِهٖ. اَوْ وَلَدٍ صَالِحٍ يَدْعُوْ لَهٗ؛ (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب انسان فوت ہوجائے تو اس کا عمل منقطع ہوجاتاہے سوائے تین اعمال کے (وہ منقطع نہیں ہوتے): صدقہ جاریہ یا ایسا علم جس سے فائدہ اٹھایاجائے یا نیک بیٹا جو اس کیلئے دعا کرے)۔ ⑤ وَاِذَا نَشَرَ۔۔الْعَالِمُ۔۔عِلْمَهٗ۔۔بَيْنَ النَّاسِ۔۔كَانَ لَهٗ مِثْلُ اُجُوْرِ مَنِ اتَّبَعَهٗ؛ (اور اگر عالم اپنے علم کو لوگوں میں پھیلاتا ہے تو اسے اس کی پیروی کرنے والے کے برابر اجر ملے گا)۔ ⑥ وَلِاَنَّنَا فِيْ زَمَانٍ۔۔ضَعُفَتْ۔۔فِيْهِ الْعَزَائِمُ وَ۔۔الْهِمَمُ۔۔فِيْهِ۔۔مُتَعَلِّلِيْنَ۔۔عَنْ تَحْصِيْلِ الْعِلْمِ. وَاَنَّ النَّاسَ قَدْ اشْتَغَلُوْا عَنْهُ بِزَخَارِفِ الدُّنْيَا۔۔فَتَرَتْ۔۔بِاَعْذَارٍ۔۔وَاهِيَةٍ۔۔وَحُجَجٍ۔۔بَاطِلَةٍ۔۔ (اور چونکہ ہم ایسے دور میں ہیں جس میں عزم و ارادے کمزور ہوگئے، جس میں علم حاصل کرنے سے عذر کیا جاتاہے، اور لوگ دنیا کے جال میں پھنس کر اس سے غافل ہوچکے ہیں، اس لیے وہ گھٹیا بہانوں اور باطل دلائل کےذریعے سست ہوگئے ہیں) ⑦ وَلِاَنَّ هٰذَا الْعِلْمَ هُوَ۔۔مِيْرَاثُ۔۔النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمِنْ حُقُوْقِهٖ عَلَيْنَا اَنْ۔۔نَحْفَظَ۔۔مِيْرَاثَهٗ مِنَ الذَّهَابِ وَ۔۔الضَّيَاعِ۔۔وَلَا يَكُوْنُ ذٰلِكَ اِلَّا بِطَلَبِ الْعِلْمِ۔۔الشَّرْعِيِّ۔۔وَتَحْصِيْلِهٖ۔ (اور چونکہ یہ علم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی میراث ہے اور ہم پر اس کے حقوق میں سے یہ ہے کہ ہم آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی میراث کو ختم ہونے اور ضائع ہونے سے محفوظ رکھیں اور یہ صرف علمِ شرعی کی طلب و تحصیل سے ہی ہوسکتا ہے)

اَلتَّدْرِيْبُ الثَّالِثُ: (١) كَوِّنِ اَرْبَعَ جُمَلٍ تُسْتَعْمَلُ فِيْهَا اسْمَ الشَّرْطِ: مَنْ: مِثْلُ هٰذِهٖ: مَنْ يَعْتَمِدْ يَسْعَدْ؛ (چار جملے ایسے بنائیں جن میں اسم شرط استعمال کیا گیا ہو: اس کی طرح: جو اعتماد کرتا ہے وہ سعادت مند ہے)۔ الجواب: ❶ مَنْ صَمَتَ نَجَا (جو چپ رہا اس نے نجات پائی) ❷ مَنْ جَدَّ وَجَدَ (جس نے کوشش کی اس نے پالیا) ❸ مَنْ يَّتَّبِعِ الْحَقَّ يَرْشُدْ؛ (جو حق کی پیروی کرے گا وہ ہدایت پائے گا) ❹ مَنْ يُّسْعِدِ اللّٰهُ يَسْعَدْ؛ (جسے اللہ سعادت مند رکھے وہ سعادت مند ہوتاہے)۔۔(٢) كَوِّنْ اَرْبَعَ جُمَلٍ تُسْتَعْمَلُ فِيْهَا كَلِمَةُ قَبْلَ اَنْ مِثْلُ هٰذِهٖ: شَرِبْتُ الشَّايَ قَبْلَ اَنْ اَعُوْدَ اِلَى الْبَيْتِ؛ (چار جملے ایسے بنائیں جس میں قبل اَنْ کا کلمہ استعمال کیا گیا ہو، اس کی مثل: میں نے گھر جانے سے پہلے چائے پی)۔الجواب: ❶ كَتَبْتُ دُرُوْسِيْ قَبْلَ اَنْ قَرَءْتُ؛ (میں نے پڑھنے سے پہلے اپنا سبق لکھا)۔❷ اَفْعَلُ رِيَاضَةً بَدَنِيَّةً قَبْلَ اَنْ اُصَلِّيَ صَلَاةَ الْفَجْرِ؛ (میں فجر کی نماز پڑھنے سے پہلے جسمانی ورزش کرتا ہوں)۔❸ صَلُّوْا عَلَى النَّبِيِّ قَبْلَ اَنْ يُصَلُّوْا صَلَاةً؛ (نماز پڑھنے سے پہلے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھو) ❹ اَتَفَكَّرُ فِيْ اَيِّ مَسْأَلَةٍ قَبْلَ اَنْ اَتَحَدَّثَ؛ (میں کسی بھی مسئلے کے بارے میں بولنے سے پہلے سوچتا ہوں۔۔(٣) اِسْتَخْدِمْ فِيْ اَرْبَعِ جُمَلٍ كَلِمَةَ اَصْبَحَ مِثْلُ هٰذِهٖ: اَصْبَحَ يُؤَدِّي الصَّلَوَاتِ فِي الْمَسْجِدِ مَاعَدَا صَلَاةَ الصُّبْحِ؛ (چار جملوں میں اَصْبَحَ کا کلمہ استعمال کریں، اس کی مثل: صبح کی نماز کے علاوہ وہ مسجد میں نمازیں پڑھتا ہے)۔الجواب: ❶ اَصْبَحَ التِّلْمِيْذُ نَاجِحاً (طالب علم کامیاب ہوگیا) ❷ اَصْبَحَ التِّلْمِيْذُ مُصَلِّياً (طالب علم نے صبح کے وقت نماز پڑھی) ❸ اَصْبَحَ الطِّيْنُ خَزَفاً (مٹی ٹھیکری بن گئی) ❹ اَصْبَحَ زَيْدٌ غَنِيًّا (زید صبح کے وقت مالدار ہوا)۔

اَلتَّدْرِيْبُ الرَّابِعُ: اُكْتُبْ عَنْ حَلِّ الْمُشْكِلَاتِ حَوَالَيْ 90 كَلِمَةً وَاسْتَعِنْ فِيْمَا تُكْتَبُ بِالْاَفْكَارِ الْاٰتِيَةِ؛ (مسئلہ حل کرنے کے بارے میں 90 الفاظ لکھیں اور لکھتےوقت درج ذیل خیالات کا استعمال کریں)

(١) تَعْلِيْمُ الْاَطْفَالِ مَهَارَاتِ حَلِّ الْمُشْكِلَاتِ.(٢) كَيْفَ تَتَعَامَلُ مَعَ مَشَاكِلِ الْاَطْفَالِ؟ (٣) تَعْزِيْزُ مَهَارَةِ حَلِّ الْمُشْكِلَاتِ عِنْدَ الْاَطْفَالِ.(٤): كَيْفَ نُرَبِّيْ طِفْلًا يَتَحَمَّلُ الْمَسْؤُوْلِيَّةَ؟ ((بچوں کو مسئلہ حل کرنے کی مہارتیں سکھانا، آپ بچوں کے مسائل سے کیسے نمٹتے ہیں؟ بچوں کے مسائل حل کرنے کی مہارت کو بڑھانا، ہم ایسے بچے کی تربیت کیسے کریں جو ذمہ داری لے؟)

الجواب: سَنُقَدِّمُ لَكُمْ بَعْضَ الْاسْتِرَاتِيْجِيَّاتِ الْاَسَاسِيَّةِ وَسُبُلَ تَعْلِيْمِ حَلِّ الْمُشْكِلَاتِ لِلْاَطْفَالِ, وَبَعْضَ الْاَفْكَارِ؛ (ہم آپ کو کچھ بنیادی تدابیر اور بچوں کو مسئلہ حل کرنا سکھانے کے طریقے اور کچھ خیالات پیش کریں گے)۔۔اَرْبَعُ اِسْتِرَاتِيْجِيَّاتٍ لِتَعْلِيْمِ مَهَارَاتِ حَلِّ الْمُشْكِلَاتِ لِلْاَطْفَالِ؛ (بچوں کو مسئلہ حل کرنے کی مہارتیں سکھانے کیلئے چار تدابیر) (1) عَدَمُ الْاِسْتِخْفَافِ بِمَشَاعِرِ الطِّفْلِ اَوْ بِكَلَامِهِ؛ (بچے کے جذبات یا الفاظ کو ہلکا نہ سمجھنا)۔۔فِيْ بَعْضِ الْاَحْيَانِ, يُبَالِغُ الْاَطْفَالُ فِيْ قَلَقِهِمْ مِنْ بَعْضِ الْمُشْكِلَاتِ الَّتِيْ لَاتَكُوْنُ بِدَرَجَةِ السُّوْءِ تِلْكَ! (بعض اوقات بچے ان مسائل کے بارے میں حد سے زیادہ فکر مند ہو جاتے ہیں جو اتنے برے نہیں ہوتے!) لٰكِنَّ الْاِسْتِخْفَافَ بِتِلْكَ الْمُشْكِلَاتِ مِنْ قِبَلِ الْاَبَوَيْنِ اَوِ الْمُعَلِّمِ دُوْنَ تَوْضِيْحِهَا وَاِعْطَائِهَا الْاَهَمِّيَّةَ قَدْ يَنْعَكِسُ بِشَكْلٍ سَلْبِيٍّ عَلَى الطِّفْلِ؛ (لیکن والدین یا استاد کی طرف سے ان مسائل کو واضح کیے بغیر اور ان کو اہمیت دیے بغیر ہلکا سمجھنا بچے پر منفی اثر ڈال سکتا ہے۔) فَالْاِسْتِخْفَافُ بِالْمُشْكِلَةِ سَيَكُوْنُ بِمَثَابَةِ الْاِسْتِخْفَافِ بِمَشَاعِرِ الطِّفْلِ (مسئلہ کو ہلکا سمجھنا بچے کے جذبات کو ہلکا سمجھنے کے مترادف ہوگا) وَهٰذَا يُزَعْزِعُ الثِّقَةَ لَدَيْهِ مَايَجْعَلُهُ مُتَرَدِّدًا فِيْ اِخْبَارِ اَبَوَيْهِ بِاَيِّ مَشَاكِلَ قَدْ يُوَاجِهُهَا مُسْتَقْبَلًا۔ (اور یہ اس کے اعتماد کو مجروح کرتا ہے، جس کی وجہ سے وہ اپنے والدین کو مستقبل میں پیش آنے والی کسی بھی پریشانی کے بارے میں بتانے سے تردد کرتا ہے) (2) اِعْطَاءُ الطِّفْلِ الْفُرْصَةَ لِلتَّفْكِيْرِ وَاِيْجَادِ حَلِّ الْمُشْكِلَاتِ بِنَفْسِهِ؛ (بچے کو سوچنے اور مسائل کا حل خود تلاش کرنے کا موقع دینا)۔۔عِنْدَمَا يَأْتِيْ اِلَيْكَ طِفْلُكَ اَوْ تِلْمِيْذُكَ يَشْكُوْ مِنْ مُشْكِلَةٍ وَاجَهَهَا فِيْ مَدْرَسَتِهِ اَوْ مَعَ صَدِيْقِهِ, لَاتُعْطِيْهِ الْحَلَّ مُبَاشَرَةً, بَلْ اِمْنَحْهُ الْفُرْصَةَ لِلتَّفْكِيْرِ وَاِيْجَادِ الْحَلِّ بِنَفْسِهِ, حَتّٰى يَصِلَ لِلْحَلِّ الْاَنْسَبِ بِنَفْسِهِ, وَبَعْدَ ذٰلِكَ, قُمْ بِتَقْدِيْمِ الْاِقْتِرَاحَاتِ وَالنَّصَائِحِ اِذَا لَزِمَ الْاَمْرُ؛ (جب آپ کا بچہ یا شاگرد آپ کے پاس اپنے اسکول، دوست کے ساتھ کسی مسئلے کے بارے میں شکایت کرنے کیلئے آتا ہے تو اسے براہ راست حل نہ دیں بلکہ اسے خود سوچنے اور حل تلاش کرنے کا موقع دیں، یہاں تک کہ وہ خود مناسب ترین حل تک پہنچ جائے اور اس کے بعد اگر ضرورت ہو تو تجاویز اور مشورے پیش کریں) (3) اَلْآبَاءُ هُمْ قُدْوَةُ اَطْفَالِهِمْ؛ (والدین اپنے بچوں کیلئے رول ماڈل ہوتے ہیں)۔۔ عَادَةً مَايَرَى الْاَطْفَالُ فِيْ آبَائِهِمْ وَمُعَلِّمِيْهِمُ الْقُدْوَةَ وَالنَّمُوْذَجَ الْاَفْضَلَ فِيْ حَيَاتِهِمْ وَيَتَاَثَّرُوْنَ بِهِمْ بِشَكْلٍ كَبِيْرٍ فِي التَّصَرُّفَاتِ وَحَتّٰى فِيْ طَرِيْقَةِ التَّفْكِيْرِ, يُمْكِنُ اِسْتِثْمَارُ هٰذِهِ النُّقْطَةِ بِشَكْلٍ اِيْجَابِيٍّ فِيْ تَعْلِيْمِ الْاَطْفَالِ مَهَارَاتِ حَلِّ الْمُشْكِلَاتِ؛ (بچے عموماً اپنے والدین اور اساتذہ کو اپنی زندگی میں رہنما اور بہترین رول ماڈل کے طور پر دیکھتے ہیں۔ اور تصرفات یہاں تک کہ سوچنے کے انداز میں بھی ان سے بہت متاثر ہوتے ہیں، اس نکتے کو مثبت انداز میں بچوں کو مسائل حل کرنے کی مہارتیں سکھانے میں لگایا جاسکتا ہے)۔(4) طَلَبُ النَّصِيْحَةِ مِنَ الطِّفْلِ؛ (بچے سے مشورہ طلب کرنا)۔ اُطْلُبْ مِنْ اَطْفَالِكَ النَّصِيْحَةَ عِنْدَمَا تُوَاجِهُ مُشْكِلَةً مَّا, بِالْاِضَافَةِ اِلٰى ذٰلِكَ, قُمْ بِاَخْذِ اَفْكَارِ اَطْفَالِكَ وَنَصَائِحِهِمْ بِعَيْنِ الْاِعْتِبَارِ وَقُمْ بِتَقْدِيْرِهَا, فَهٰذَا يُكْسِبُهُمُ الثِّقَةَ بِالنَّفْسِ لِمُحَاوَلَةِ حَلِّ الْمُشْكِلَاتِ الشَّخْصِيَّةِ بِاَنْفُسِهِمْ؛ (جب آپ کو کوئی مسئلہ درپیش ہو تو اپنے بچوں سے مشورہ لیں۔ اس کے علاوہ، اپنے بچوں کے خیالات اور مشوروں کو مدنظر رکھیں اور ان کی قدر کریں، کیونکہ اس سے انہیں خود اعتمادی ملے گی کہ وہ ذاتی مسائل کو خود ہی حل کرنے کی کوشش کریں گے)۔۔

اَلتَّدْرِيْبُ الْخَامِسُ: مَاذَا تَفْعَلُ؟ وَلِمَاذَا؟ (آپ کیا کریں گے؟ اور کیوں؟)۔۔(۱): اِذَا رَاَيْتَ اَحَدَ اَوْلَادِكَ يَتَجَادَلُ مَعَ اَحَدِ اِخْوَتِهِ لِلْحُصُوْلِ عَلٰى لُعْبَةٍ مُعَيَّنَةٍ تَرَكْتَهُمَا يَصِلَانِ اِلَى الْحَلِّ اَوْ تَدَخَّلْتَ؟ (جب آپ اپنے بچوں میں سے کسی کو اپنے بھائی سے کسی خاص کھیل پر جھگڑتے ہوئے دیکھیں گے، تو کیا آپ اسے حل تک پہنچنے دیں گے، یا مداخلت کریں گے؟ الجواب: اَمْنَحُ اَوْلَادِي الْفُرْصَةَ لِلتَّفْكِيْرِ وَاِيْجَادِ الْحَلِّ بِنَفْسِهِمْ, حَتّٰى يَصِلُوْا لِلْحَلِّ الْاَنْسَبِ بِنَفْسِهِمْ, وَبَعْدَ ذٰلِكَ, اَقُوْمُ بِتَقْدِيْمِ الْاِقْتِرَاحَاتِ وَالنَّصَائِحِ اِذَا لَزِمَ الْاَمْرُ؛ (میں اپنی اولاد کو خود سوچنے اور حل تلاش کرنے کا موقع دوں گا، یہاں تک کہ وہ خود مناسب ترین حل تک پہنچ جائیں اور اس کے بعد اگر ضرورت ہو تو تجاویز اور مشورے پیش کروں گا)۔۔ (۲) عِنْدَمَا يَرْتَكِبُ الطِّفْلُ تَصَرُّفاً خَاطِئاً اَوْ غَيْرَ مُهَذَّبٍ تَقُوْمُ بِاتِّخَاذِ سُبُلِ الْعُنْفِ وَالْعِقَابِ تُجَاهَهُ بِهَدَفِ تَاْدِيْبِهِ اَوْ تَتَّخِذُ سُبُلَ النُّصْحِ وَالْاِرْشَادِ وَالتَّوْجِيْهِ لِلتَّعَامُلِ مَعَهُ؟ (جب کوئی بچہ کوئی غلط یا غیرمہذب سلوک کرے گا تو آپ اسے ادب سکھانے کے ہدف سے اس کے خلاف تشدّد اور سزا کا راستہ اختیار کریں گے؟ یا اس کے ساتھ معاملہ کرنے کیلئے نصیحت، رہنمائی اور توجہ کا راستہ اختیار کریں گے؟)۔۔ الجواب: اَتَّخِذُ سُبُلَ النُّصْحِ وَالْاِرْشَادِ وَالتَّوْجِيْهِ لِلتَّعَامُلِ مَعَ الطِّفْلِ, لِاَنَّ التَّوْجِيْهَ الَّذِيْ يَمْنَحُهُ الْكِبَارُ لِلْاَطْفَالِ غِذَاءٌ مُهِمٌّ لِعُقُوْلِهِمْ وَاَرْوَاحِهِمْ, كَمَا الطَّعَامُ غِذَاءٌ لِاَجْسَامِهِمْ۔ (میں بچے کے ساتھ معاملہ کرنے کیلئے نصیحت، رہنمائی اور توجہ کا راستہ اختیار کروں گا کیونکہ وہ توجہ جو بڑے بچوں کو دیتے ہیں وہ ان کی عقلوں اور روحوں کیلئے اہم غذا ہے، جس طرح کھانا ان کے جسموں کیلئے غذا ہے)۔۔ (۳): اِذَا كَانَ الطِّفْلُ لَحُوْحاً كَثِيْرَ طَلَبَاتٍ لَايَمْتَلِكُ الْقُدْرَةَ عَلَى الْاِنْتِظَارِ وَلَا يَكُفُّ عَنِ الصِّيَاحِ وَالصُّرَاخِ وَيَبْكِيْ وَيُلِحُّ عَلٰى طَلَبَاتِهِ فِيْ غَيْرِ مَوْعِدِهَا وَيَرْمِيْ نَفْسَهُ عَلَى الْاَرْضِ فَاِنَّكَ تُنَفِّذُ رَغَبَاتِهِ وَتَسْتَجِيْبُ طَلَبَاتِهِ اَوْ تَرْفُضُ طَلَبَاتِهِ وَتُعَاقِبُهُ؟ (اگر بچہ ایسے بہت زیادہ مطالبے کرتا ہے، جن کے انتظار کی وہ صلاحیت نہیں رکھتا، وہ بے وقت چیخ و پکار کرنے، رونے اور اپنی فرمائشوں پر اصرار کرنے سے باز نہیں آتا۔ اگر وہ اپنے آپ کو زمین پر پھینک دے تو کیا آپ اس کی خواہشات پوری کریں گے اور اس کی چاہتوں کو قبول کریں گے یا آپ اس کی چاہتوں کو رد کریں گے اور اسے سزا دیں گے؟)۔۔الجواب: اُنَفِّذُ رَغَبَاتِ الطِّفْلِ وَاَسْتَجِيْبُ طَلَبَاتِهِ, وَلٰكِنْ اِذَا طَلَبَ الطِّفْلُ شَيْئًا ضَارًّا اَوْ كَانَ مُكَلِّفًا اَوْ غَيْرَ مُنَاسِبٍ لَهُ, سَاُحَاوِلُ اِقْنَاعَ الطِّفْلِ بِاِسْتِبْدَالِ ذٰلِكَ الشَّيْءِ, سَيُسَاعِدُ هٰذَا كَثِيْرًا فِيْ كَسْرِ عِنَادِ الطِّفْلِ؛ (میں بچے کی خواہشات پوری کروں گا اور اس کی چاہتوں کو قبول کروں گا، لیکن اگر بچہ کسی کوئی نقصان دہ چیز مانگے یا وہ مہنگی ہو یا اس کیلئے مناسب نہ ہوتو بچے کو اس شئے کے متبادل پر راضی کرنے کی کوشش کروں گا، یہ بات بچے کی ضد ختم کرنے میں بہت مددگار ہوگی)۔

اَلتَّدْرِيْبُ السَّادِسُ: تَرْجِمْ مِنَ الْاُرْدِيَّةِ اِلَى الْعَرَبِيَّةِ۔ الجواب: بچہ قول سے کم اور عمل سے زیادہ سیکھتا ہے، اپنے والدین اور قریب موجود دیگر افراد کو جو کچھ کرتے دیکھتا ہے، وہی کرتا ہے؛ يَتَعَلَّمُ الطِّفْلُ اَقَلَّ بِالْكَلِمَاتِ وَاَكْثَرَ بِالْاَفْعَالِ, يَفْعَلُ مَايَرىٰ وَالِدَيْهِ وَقَرِيْبًا مِنْ اَشْخَاصٍ آخَرِيْنَ يَفْعَلِيْنَ۔ عموماً زیادہ تر توجہ بچوں کو اچھا کھلانے، پہنانے اور مہنگے دنیاوی تعلیمی اداروں میں داخل کروانے ہی پر دی جاتی ہے؛ عُمُوْمًا يُتَمُّ الْاِهْتِمَامُ كَثِيْرًا لِاِطْعَامِ الْاَطْفَالِ وَمَلْبَسِهِمْ وَتَسْجِيْلِهِمْ فِيْ مُؤَسَّسَاتٍ تَعْلِيْمِيَّةٍ دُنْيَوِيَّةٍ بَاهِظَةِ الثَّمَنِ۔ ہماری سب سے پہلی اور اہم ترین ذمے داری یہ ہے کہ اپنے بچوں کو دین کے عقائد کی تعلیم دیں، انہیں اللہ تعالی اور اس کے رسول سے محبت کرنا سکھائیں، قرآنِ پاک سے جوڑیں،اور آخرت کی تیاری کا شعور پیدا کریں؛ مَسْؤُوْلِيَّتُنَا الْاُوْلٰى وَالْاَهَمُّ هِيَ تَعْلِيْمُ اَطْفَالِنَا مُعْتَقَدَاتِ الدِّيْنِ, نُعَلِّمُهُمْ مَحَبَّةَ اللهِ وَرَسُوْلِهِ, نَتَوَاصَلُهُمْ مَعَ الْقُرْآنِ الْكَرِيْمِ, نُثِيْرُ الشُّعُوْرَ بِالْاِسْتِعْدَادِ لِلْآخِرَةِ۔ حقیقت یہی ہے کہ والدین اپنے بچوں کو اچھی تعلیم اور اچھی دینی تربیت سے بڑھ کر کوئی تحفہ نہیں دے سکتے ، کیونکہ اچھی تعلیم اور اچھی دینی تربیت سے ہی اس کا مستقبل بہتر اور روشن ہوسکتا ہے؛ اَلْحَقِيْقَةُ هِيَ اَنَّ الْآبَاءَ لَا يُمْكِنُهُمْ مَنْحُ اَطْفَالِهِمْ هَدِيَّةً اَفْضَلَ مِنَ التَّعْلِيْمِ الْجَيِّدِ وَالتَّدْرِيْبِ الدِّيْنِيِّ الْجَيِّدِ.

لِأَنَّ مُسْتَقْبَلَهٗ لَا يُمْكِنُ اَنْ يَّكُوْنَ اَفْضَلَ وَاَكْثَرَ اِشْرَاقًا اِلَّا بِالتَّعْلِيْمِ الْجَيِّدِ وَالتَّدْرِيْبِ الدِّيْنِيِّ الْجَيِّدِ۔

اَلتَّدْرِيْبُ السَّابِعُ۔ (۱) هَلْ اَعْجَبَتْكَ هٰذِهِ الْقِصَّةُ. اُذْكُرْ لِمَاذَا؟ وَاِنْ لَمْ تُعْجِبْكَ فَلِمَاذَا؟ الجواب: نَعَمْ! اَعْجَبَتْنِيْ هٰذِهِ الْقِصَّةُ لِاَنَّ هٰذِهِ الْقِصَّةُ تُعَلِّمُ كَيْفَ يُمْكِنُ لِلشَّخْصِ اَنْ يَنْجَحَ فِيْ دِرَاسَتِهٖ وَمِهْنَتِهِ الْمُفَضَّلَةِ؛ (جی ہاں! مجھے یہ قصہ پسند آیا ہے کیونکہ یہ قصہ سکھاتا ہے کہ کیسے بندہ اپنی پڑھائی اور پسندیدہ مشغلے میں کامیابی حاصل کرسکتا ہے)۔-(۲) مَاذَا اَعْجَبَكَ فِيْ هٰذِهِ الْقِصَّةِ. وَلِمَاذَا؟۔الجواب: اَعْجَبَتْنِيْ اِقْتِرَاحُ الْمُعَلِّمِ لِاَبِ طَارِقٍ بِالذَّهَابِ اِلَى الْاُسْتَاذِ قَاسِمِ نِ الَّذِيْ يُعْطِيْ نَشَاطَاتٍ يَدَوِيَّةً لِلطُّلَابِ. لِاَنَّهَا كَانَتْ مَشْوَرَةً جَيِّدَةً وَاَنْشِطَةٌ اِضَافِيَّةٌ تَفْتَحُ الْعَقْلَ؛ (استاد صاحب کا طارق کے والد کو اس پروفیسر قاسم کے پاس جانے کا مشورہ دینا مجھے پسند آیا جو طلباء کو دستی سرگرمیاں فراہم کرتے ہیں، اس لئے کہ یہ ایک عمدہ مشورہ تھا اور اضافی سرگرمیاں ذہن کشادہ کرتی ہیں)۔-(۳) لَخِّصْ فِكْرَةَ الْقِصَّةِ بِاَلْفَاظِكَ الْخَاصَّةِ بِاَمَانَةٍ دُوْنَ التَّقَيُّدِ بِفِقْرَاتِ النَّصِّ الْاَصْلِيِّ۔ الجواب: طَارِقٌ يُحِبُّ الْبَحْرَ وَالْقَوَارِبَ كَثِيْرًا. وَيَتَخَيَّلُ الذَّهَابَ اِلَى الْبَحْرِ بِقَارِبِهٖ وَيَخْلُقُ صُوَرًا لِلْقَوَارِبِ الْمُخْتَلِفَةِ؛ (طارق سمندر اور کشتیوں کو بہت پسند کرتاہے وہ اپنی کشتی کے ساتھ سمندر میں جانے کا تصور کرتا ہے اور مختلف کشتیوں کی تصویریں بناتا ہے)۔ وَيَحْلُمُ اَنْ يُّصْبِحَ قُبْطَانَ سَفِيْنَةٍ كَبِيْرَةٍ لٰكِنَّ وَالِدَيْ طَارِقٍ لَيْسَا سُعَدَاءَ بِذٰلِكَ وَيُرِيْدُوْنَ مِنْ طَارِقٍ اَنْ يَعْمَلَ بِجِدٍّ فِي الْمَدْرَسَةِ؛ (وہ ایک بڑے جہاز کا کپتان بننے کا خواب دیکھتا ہے لیکن طارق کے والدین اس پر خوش نہیں ہیں، وہ چاہتے ہیں کہ طارق اسکول میں سخت محنت کرے)۔ ذَهَبَ وَالِدُ طَارِقٍ اِلٰى مُعَلِّمِهٖ. فَقَالَ الْمُعَلِّمُ: طَارِقٌ فَتًى ذَكِيٌّ. اِسْتَفِدْ مِنْ حُبِّهٖ لِلْقَوَارِبِ وَخُذْهُ اِلَى الْاُسْتَاذِ قَاسِمٍ؛ (طارق کے والد اس کے استاد کے پاس گئے، استاد نے کہا: طارق ذہین لڑکا ہے، کشتیوں سےاس کی محبت کا فائدہ اٹھائیں اور اسے پروفیسر قاسم کے پاس لے جائیں)۔ بَعْدَ الْمَدْرَسَةِ. اِعْتَادَ طَارِقٌ عَلٰى تَعَلُّمِ طِلَاءِ الْجُدْرَانِ وَاِصْلَاحِ الْاَشْيَاءِ الْمَكْسُوْرَةِ مِنَ الْاُسْتَاذِ قَاسِمٍ؛ (اسکول کے بعد طارق پروفیسر قاسم سے دیواروں کو پینٹ کرنا اور ٹوٹی ہوئی چیزیں ٹھیک کرنا سیکھتا تھا)۔ بَنٰى طَارِقٌ وَاُسْتَاذُهٗ قَارِبًا رَائِعًا فِيْ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ؛ (طارق اور اس کے استاد نے تین دن میں ایک شاندار کشتی بنائی)۔ قَالَ الْاُسْتَاذُ قَاسِمٌ اِنَّهٗ اِذَا كُنْتَ تُرِيْدُ اَنْ تُصْبِحَ قُبْطَانًا مَاهِرًا. فَطَوِّرْ مَهَارَاتِكَ فِيْ جَمِيْعِ الْمَجَالَاتِ. اِخْتَلِطْ مَعَ زُمَلَائِكَ وَاسْتَفِدْ مِنْ تَجْرِبَاتِهِمْ؛ (پروفیسر قاسم نے کہا کہ اگر آپ ہنرمند کپتان بننا چاہتے ہوتو تمام شعبوں میں اپنی صلاحیتوں کو نکھارو، اپنے ہم جماعتوں کے ساتھ گھل مل جاؤ اور ان کے تجربات سے فائدہ اٹھاؤ)۔ اِتَّبَعَ طَارِقٌ جَمِيْعَ تَعْلِيْمَاتِ اُسْتَاذِهٖ. طَارِقٌ كَانَ مَحْظُوْظًا بِالْحُصُوْلِ عَلَى الْجَائِزَةِ لِاَدَائِهِ الرَّائِعَةِ بِسَبَبِ لُطْفِ وَالِدَيْهِ وَاَصْدِقَائِهٖ؛ (طارق نے اپنے استاد کی تمام ہدایات پر عمل کیا، طارق اپنے والدین اور دوستوں کی مہربانیوں کی وجہ سے اپنی شاندار کارکردگی پر ایوارڈ حاصل کرنے میں خوش قسمت رہا)۔

◈ آدَابُ الطَّعَامِ فِي الْاِسْلَامِ ◈ (اسلام میں کھانے کے آداب)

حَدِيْثُنَا فِيْ هٰذَا الْيَوْمِ عَنْ اَدَبٍ مِنَ الْآدَابِ الشَّرْعِيَّةِ وَهُوَ اَدَبٌ تَحْتَاجُ اِلَيْهِ بِاسْتِمْرَارٍ. اَلَا وَهُوَ: آدَابُ الْاَكْلِ اَوْ آدَابُ الطَّعَامِ؛ (آج کے دن ہماری گفتگو آداب شرعیہ میں سے ایک ایسےادب کے بارے میں ہے جس کی آپ کو مسلسل ضرورت ہوتی ہے، یعنی: کھانا کھانے کے آداب یا کھانے کے آداب)۔ اَلْمُسْلِمُ يَنْظُرُ اِلَى الطَّعَامِ وَالشَّرَابِ. بِاِعْتِبَارِهِمَا وَسِيْلَةً اِلٰى غَيْرِهِمَا لَا غَايَةً مَقْصُوْدَةً. فَهُوَ يَاْكُلُ وَيَشْرَبُ مِنْ اَجْلِ الْمُحَافَظَةِ عَلٰى سَلَامَةِ بَدَنِهِ الَّذِيْ بِهٖ يُمْكِنُهٗ اَنْ يَعْبُدَ اللهَ تَعَالٰى؛ (ایک مسلمان کھانے پینے کو کسی اور چیز کے ذریعہ کے طور پر دیکھتاہے، نہ کہ مقصد کے طور پر۔وہ اپنے جسم کی سالمیت کو برقرار رکھنے کیلئے کھاتا پیتا ہے، جس سےوہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کرسکتاہے)۔ تِلْكَ الْعِبَادَةُ الَّتِيْ تُؤَهِّلُهٗ لِكَرَامَةِ الدَّارِ الْآخِرَةِ وَسَعَادَتِهَا؛ (یہی وہ عبادت ہےجو اسے آخرت کےگھر کی عزت اور سعادت کا اہل بناتی ہے)۔ وَمِنْ هُنَا كَانَ الْمُسْلِمُ يَلْتَزِمُ فِيْ مَاْكَلِهٖ وَمَشْرَبِهٖ بِآدَابٍ شَرْعِيَّةٍ. مِنْهَا: اَنْ يَنْوِيَ بِاَكْلِهٖ وَشُرْبِهِ التَّقْوِيَةَ عَلٰى عِبَادَةِ اللهِ تَعَالٰى لِيُثَابَ عَلٰى مَا اَكَلَهٗ وَشَرِبَهٗ. فَالْمُبَاحُ يَصِيْرُ بِحُسْنِ النِّيَّةِ طَاعَةً يُثَابُ عَلَيْهَا الْمُسْلِمُ؛ (اس لئے مسلمان اپنے کھانے پینے کے بارےمیں شرعی آداب کی پابندی کرتاہے۔ ان میں سے: یہ کہ اپنے کھانے پینے سے اللہ تعالیٰ کی عبادت پر قوت حاصل کرنے کا ارادہ کرے، تاکہ جو کچھ اس نے کھایا پیا اس کا ثواب ملے، پس جو چیز جائز ہےوہ اچھی نیت سے اطاعت بن جاتی ہے جس پر مسلمان کو اجر ملتاہے)۔ وَاَنْ يَغْسِلَ يَدَيْهِ قَبْلَ الطَّعَامِ وَبَعْدَهٗ؛ لِيَتَفَادٰى مَا قَدْ يَكُوْنُ عَلَيْهِمَا مِنَ الْاَوْسَاخِ الْمُؤْذِيَةِ الْمُسَبِّبَةِ لِلْاَمْرَاضِ۔ (اورکھانے سےپہلےاور بعد میں ہاتھ دھوئے، ان نقصان دہ گندگیوں سے بچنے کیلئے جو بیماریوں کا باعث بنتی ہیں)۔وَاَنْ يَّضَعَ الطَّعَامَ عَلَى السُّفْرَةِ الْمَوْضُوْعَةِ عَلَى الْاَرْضِ؛ (اور کھانا اس دسترخواں پر رکھےجو فرش پر رکھا ہواہے)۔ وَاَنْ يُّسَمِّيَ اللهَ سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰى قَبْلَ الطَّعَامِ. فَعَنْ عَائِشَةَ. قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اَكَلَ اَحَدُكُمْ فَلْيَذْكُرِ اسْمَ اللهِ فَاِنْ نَسِيَ اَنْ يَذْكُرَ اسْمَ اللهِ فِيْ اَوَّلِهٖ فَلْيَقُلْ: بِسْمِ اللهِ اَوَّلَهٗ وَآخِرَهٗ؛ رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ وَالتِّرْمَذِيُّ (اورکھانے سے پہلے اللہ سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰى کا نام لے، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نےفرمایا: جب تم میں سےکوئی کھائےتو اللہ کانام لے، اگر شروع میں اللہ کا نام (بسم اللہ) بھول جائےتو اسے بِسْمِ اللهِ اَوَّلَهٗ وَآخِرَهٗ کہنا چاہیئے (اس کی ابتداء و انتہاء دونوں اللہ کے نام سے)۔ اسےابوداؤد اورترمذی نےروایت کیاہے)۔ وَاَنْ يَرْضٰى بِالْمَوْجُوْدِ مِنَ الطَّعَامِ وَاَلَّا يَعِيْبَهٗ وَاِنْ اَعْجَبَهٗ اَكَلَ. وَاِنْ لَمْ يُعْجِبْهُ لَمْ يَتَاَفَّفْ وَلَمْ يَتَذَمَّرْ اِنَّمَا تَرَكَهٗ لِحَدِيْثِ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ: مَا عَابَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَعَامًا قَطُّ اِنِ اشْتَهَاهُ اَكَلَهٗ وَاِنْ كَرِهَهٗ تَرَكَهٗ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ؛ (اور جو کھانا میسرہے اس پر راضی رہےاور اس میں عیب نہ لگائے، اور اگر اسےپسند آئےتو کھائے، اور اگر پسند نہ آئے تو اُف نہ کرے اور نہ شکایت کرے، بلکہ حدیث ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی بنا پر اسے چھوڑ دے: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی کسی کھانےمیں عیب نہیں لگایا، اگر رغبت ہوتی تو کھالیتے ورنہ چھوڑ دیتے)۔وَيَجْلِسَ لِلْاَكْلِ وَالشُّرْبِ. وَيُكْرَهُ الْاِتِّكَاءُ عِنْدَ الْاَكْلِ؛ (وہ کھانے پینے کیلئے بیٹھے، اور وہ کھاتےوقت پیچھے جھکنا (ٹیک لگانا) مکروہ ہے)۔وَاَنْ يَّاْكُلَ بِثَلَاثَةِ اَصَابِعَ مِنْ يَدِهِ الْيُمْنٰى وَاَنْ يَّاْكُلَ مِمَّا يَلِيْهِ وَلَا يُزَاحِمَ الْآخَرِيْنَ؛ (اور اپنےداہنےہاتھ کی تین انگلیوں سےکھائے اور اسی جانب سے کھائےجو اس کے سامنے ہو اور دوسروں کو تنگی نہ دے)۔وَيُصَغِّرَ اللُّقْمَةَ وَيُجَوِّدَ مَضْغَهَا وَمَا لَمْ يَبْتَلِعْهَا لَمْ يَمُدَّ يَدَهٗ اِلَى الْاُخْرٰى؛ (وہ لقمہ چھوٹا بنائے اور اسےاچھی طرح چبائے اور جب تک اسے نگل نہ لے اپنا ہاتھ دوسرے کی طرف نہ بڑھائے)۔وَاِذَا سَقَطَتِ اللُّقْمَةُ لَمْ يَدَعْهَا لِلشَّيْطَانِ بَلْ اَخَذَهَا وَاَمَاطَ مَا لَحِقَهَا مِنْ اَذًى ثُمَّ اَكَلَهَا۔ (اورجب لقمہ گرجائےتو اسے شیطان کیلئے نہ چھوڑے بلکہ اسے اُٹھالے اور جو ناپسندیدہ چیز (تنکا،مٹی) لگی ہےاس کو اچھی طرح صاف کرلےاور اسے کھالے) وَاَلَّا يَنْفُخَ فِي الْمَاءِ حَالَ الشُّرْبِ وَلْيَتَنَفَّسْ خَارِجَ الْاِنَاءِ ثَلَاثًا؛ (اور پیتےوقت پانی میں نہ پھونکےاور برتن سے باہر تین بار سانس لے)۔ وَاَنْ يُّمْسِكَ عَنِ الْاَكْلِ قَبْلَ الشِّبَعِ اِقْتِدَاءً بِرَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ (اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت پر عمل کرتے ہوئےسیر ہونےسے پہلے کھانے سے رُک جائے)۔ وَحَتّٰى لَا يَقَعَ فِي التُّخَمَةِ الْمُهْلِكَةِ وَالْبِطْنَةِ الْمُذْهِبَةِ لِلْفِطْنَةِ؛ (اور تاکہ وہ ہلاکت خیز بدہضمی اور ذہانت زائل کرنےوالی بسیارخوری کے مرض میں مبتلاء نہ ہوجائے)۔وَبَعْدَ اَنْ يَّنْتَهِيَ

مِنَ الطَّعَامِ اَلَّا یَمْسَحَ یَدَہٗ بِالْمِنْدِیْلِ وَلَا یَغْسِلَهَا حَتّٰی یَلْعَقَهَا بِنَفْسِهٖ اَوْ یُلْعِقَهَا غَیْرَہٗ؛ لِاَنَّهٗ قَدْ یَکُوْنُ فِیْهَا بَقِیَّۃٌ؛ (کھانے سے فارغ ہونے کے بعد اسے رومال سے ہاتھ نہ پونچھنا چاہئے اور نہ ہی اسے دھونا چاہئے جب تک کہ وہ اسے خود نہ چاٹ لے یا کسی اور کو چٹا دے، کیونکہ اس میں باقیات ہوسکتی ہیں)۔وَاَنْ یَحْمَدَ اللّٰہَ تَعَالٰی عَقْبَ اَکْلِهٖ وَشُرْبِهٖ؛ (اور کھانے پینے کے بعد اللہ کی حمد وثناء کرے)۔

اَلتَّدْرِیْبُ الْاَوَّلُ: مَاذَا تُفَضِّلُ؟ وَلِمَاذَا؟ الجواب: (١) اَنْ تَلْتَزِمَ عِنْدَ الْاَکْلِ وَالشُّرْبِ بِآدَابٍ شَرْعِیَّۃٍ اَوْ لَا تَلْتَزِمَ بِآدَابِ الطَّعَامِ وَالشَّرَابِ؟ (کھانے پینے کے وقت اسلامی آداب کی پابندی کرنا، یا کھانے پینے کے آداب کی پابندی نہ کرنا؟)۔ الجواب: اُفَضِّلُ اَنْ اَلْتَزِمَ عِنْدَ الْاَکْلِ وَالشُّرْبِ بِآدَابٍ شَرْعِیَّۃٍ, لِاَنَّ الْآدَابَ الْاِسْلَامِیَّۃَ یَحْمِیْ مِنَ الْاَذٰی الْجِسْمَانِیِّ وَالرُّوْحَانِیِّ؛ (میں کھانے پینے کے وقت اسلامی آداب کی پابندی کرنے کو پسند کرتا ہوں، کیونکہ اسلامی آداب جسمانی اور روحانی نقصانات سے بچاتے ہیں)۔-(٢) اَنْ تُجِیْدَ الْمَضْغَ اَوْ تَاْکُلَ بِسُرْعَۃٍ؟ (اچھی طرح چبا کر کھانا یا جلدی کھانا؟)۔الجواب: اُفَضِّلُ اَنْ اُجِیْدَ الْمَضْغَ حَتّٰی یَکُوْنَ الطَّعَامُ اَکْثَرَ فَائِدَۃً (میں اچھی طرح چبا کر کھانے کو پسند کرتا ہوں تاکہ کھانا زیادہ مفید ہو) (٣) اَنْ تَتَنَاوَلَ الطَّعَامَ السَّاخِنَ اَوِ الْبَارِدَ اَوْ بَیْنَ السَّاخِنِ وَالْبَارِدِ؟ (گرم یا ٹھنڈا کھانا تناول کرنا، یا گرم اور سرد کے درمیان؟)۔الجواب: اُفَضِّلُ اَنْ اَتَنَاوَلَ الطَّعَامَ بَیْنَ السَّاخِنِ وَالْبَارِدِ لِاَنَّ الطَّعَامَ السَّاخِنَ جِدًّا ضَارٌّ؛ (میں گرم اور سرد کے درمیان کھانا تناول کرنے کو ترجیح دیتا ہوں کیونکہ زیادہ گرم کھانا نقصان دہ ہے)۔-(٤) اَنْ تَجْتَمِعَ مَعَ الْاُسْرَۃِ عَلَی الطَّعَامِ اَوْ تَتَنَاوَلَ الطَّعَامَ مُنْفَرِدًا؟ (گھر والوں کے ساتھ کھانا کھانے پر اکٹھے ہونا یا اکیلے کھانا؟)۔الجواب: اُفَضِّلُ اَنْ اَجْتَمِعَ مَعَ الْاُسْرَۃِ عَلَی الطَّعَامِ فَاِنَّ الْبَرَکَۃَ مَعَ الْجَمَاعَۃِ؛ (میں گھر والوں کے ساتھ کھانا کھانے پر اکٹھے ہونے کو پسند کرتا ہوں کیونکہ برکت جماعت کے ساتھ ہے)۔-(٥) اَنْ تَنْفُخَ فِی الطَّعَامِ اَوِ الشَّرَابِ السَّاخِنِ اَوْ تَتْرُکَهٗ حَتّٰی یَبْرُدَ؟ (گرم کھانے یا پینے پر پھونک مارنا یا ٹھنڈا ہونے تک چھوڑ دینا؟)۔الجواب: اُفَضِّلُ اَنْ اَتْرُکَ الطَّعَامَ وَالشَّرَابَ السَّاخِنَ حَتّٰی یَبْرُدَ فَاِنَّ الْحَارَّ لَا بَرَکَۃَ فِیْهِ؛ (میں گرم کھانے اور پانی کو ٹھنڈے ہونے تک چھوڑ دینے کو پسند کرتا ہوں کیونکہ گرم کھانے میں برکت نہیں ہے)۔-(٦) اَنْ تَتَنَاوَلَ الْوَجَبَاتِ السَّرِیْعَۃَ اَوِ الْخَفِیْفَۃَ؟ (فاسٹ فوڈ/ تیکھے کھانے کھانا یا ہلکے/گھریلو کھانے کھانا)۔ الجواب: اُفَضِّلُ اَنْ اَتَنَاوَلَ الْوَجَبَاتِ الْخَفِیْفَۃَ لِاَنَّ الْوَجَبَاتِ الْخَفِیْفَۃَ هِیَ اَفْضَلُ غِذَاءً لِلصِّحَّۃِ؛ (میں ہلکے کھانے کھانا پسند کرتا ہوں کیونکہ ہلکے کھانے صحت کیلئے بہترین غذا ہیں)۔-(٧) اَنْ تَاْکُلَ فَوْقَ الشِّبَعِ اَوْ دُوْنَ الشِّبَعِ؟ (شکم سیری سے زیادہ کھانا یا شکم سیری سے کم؟)۔الجواب: اُفَضِّلُ اَنْ آکُلَ دُوْنَ الشِّبَعِ, لِاَنَّ کَثْرَۃَ الْاَکْلِ تُحْدِثُ السِّمَنَ وَکَثْرَۃَ الْبَلْغَمِ وَالْکَسَلِ, وَالنَّوْمِ وَالْبَلَادَۃِ؛ (میں شکم سیری سے کم کھانے کو پسند کرتا ہوں، کیونکہ کھانے کی کثرت موٹاپا، کثرتِ بلغم، سستی، غنودگی اور کند ذہنی پیدا کرتی ہے)۔-(٨) اَنْ تَاْکُلَ جَالِسًا عَلَی الْاَرْضِ اَوِ الْکُرْسِیِّ اَوْ وَاقِفًا؟ (فرش یا کرسی پر بیٹھ کر یا کھڑے ہو کر کھانا؟)۔الجواب: اُفَضِّلُ اَنْ آکُلَ جَالِسًا عَلَی الْاَرْضِ لِاَنَّهٗ مِنَ السُّنَّۃِ؛ (میں فرش پر بیٹھ کر کھانے کو پسند کرتا ہوں، کیونکہ یہ سنت ہے)۔-(٩) اَنْ تَتَنَاوَلَ الطَّعَامَ فِیْ اَوْقَاتٍ مُخْتَلِفَۃٍ اَوْ فِیْ نَفْسِ الْوَقْتِ یَوْمِیًّا؟ (روزانہ مختلف اوقات میں یا ایک ہی وقت میں کھانا؟) الجواب: اُفَضِّلُ اَنْ اَتَنَاوَلَ الطَّعَامَ حَسَبَ الْحَاجَۃِ فِیْ ثَلَاثِ مَرَّاتٍ مُعَیَّنَۃٍ لِاَنَّ هٰذَا هُوَ مَا یُنَاسِبُ صِحَّتِیْ؛ (میں تین مخصوص اوقات میں ضرورت کے مطابق کھانا کھانے کو ترجیح دیتا ہوں، کیونکہ یہی میری صحت کے موافق ہے)۔

اَلتَّدْرِیْبُ الثَّانِیْ: فَکِّرْ فِی الْاِجَابَۃِ عَنِ الْاَسْئِلَۃِ التَّالِیَۃِ۔ (١): مَاذَا تَنْوِیْ بِطَعَامِكَ وَشَرَابِكَ؟ (کھانے پینے میں آپ کیا نیت کرتے ہیں؟) الجواب: اَنْوِیْ بِطَعَامِیْ وَشَرَابِی التَّقْوِیَۃَ عَلٰی عِبَادَۃِ اللّٰہِ تَعَالٰی؛ (میں اپنے کھانے پینے میں اللہ تعالیٰ کی عبادت پر قوت حاصل کرنے کی نیت کرتا ہوں)۔-(٢): کَیْفَ تَضَغُ الطَّعَامَ بِشَکْلٍ صَحِیْحٍ؟ (آپ کھانے کو صحیح طریقے سے کیسے چباتے ہیں؟)۔الجواب: اُصَغِّرُ اللُّقَمَ وَاُجَیِّدُ الْمَضْغَ بِحَیْثُ لَا یَرْتَفِعُ الصَّوْتُ عِنْدَ مَضْغِ الطَّعَامِ؛ (میں لقمے چھوٹے لیتا ہوں اور اچھی طرح چباتا ہوں اس حیثیت سے کہ کھانا چبانے کے وقت آواز پیدا نہ ہو)۔(٣): کَیْفَ تَشْرَبُ الْمَاءَ عَلٰی سُنَّۃِ النَّبِیِّ؟ (سنتِ نبی کے مطابق پانی کیسے پیتے ہیں؟)۔-الجواب: سُنَنُ شُرْبِ الْمَاءِ, هِیَ: ① اَلتَّسْمِیَۃُ, ② اَلشُّرْبُ بِالْیَدِ الْیُمْنٰی, ③ اَلتَّنَفُّسُ اِثْنَاءَ الشُّرْبِ خَارِجَ الْاِنَاءِ, ④ اَلشُّرْبُ جَالِسًا, ⑤ قَوْلُ "اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ" بَعْدَ الشُّرْبِ؛ (پانی پینے کی سنتیں یہ ہیں: ①بسم اللہ کہنا، ②دائیں ہاتھ سے پینا، ③پینے کے دوران برتن سے باہر سانس لینا، ④ بیٹھ کر پینا، ⑤پینے کے بعد الحمدللہ کہنا)۔-(٤): کَیْفَ تَاْکُلُ الطَّعَامَ وَفْقَ السُّنَّۃِ النَّبَوِیَّۃِ؟ (سنتِ نبوی کے مطابق کھانا کیسے کھاتے ہیں؟) الجواب: ① اَنْوِیْ بِاَکْلِی التَّقْوِیَ عَلٰی عِبَادَۃِ اللّٰہِ. (میں کھاتے وقت اللہ کی عبادت پر قوت حاصل کرنے کی نیّت کرتا ہوں) ② اَغْسِلُ یَدَیَّ اِلَی الرُّسْغَیْنِ قَبْلَ الطَّعَامِ وَبَعْدَہٗ؛ (کھانا کھانے سے پہلے اور بعد دونوں ہاتھ پہنچوں تک دھوتا ہوں) ③ اَنْصِبُ الرِّجْلَ الْیُمْنٰی وَاَجْلِسُ عَلَی الْیُسْرٰی (کھاتے وقت سیدھا پاؤں کھڑا رکھتا ہوں اور اُلٹے پر بیٹھتا ہوں)۔④ اَقُوْلُ "بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ"۔(بسم اللہ پڑھتا ہوں)۔⑤ آکُلُ الطَّعَامَ عَلَی الْمَائِدَۃِ الْمَفْرُوْشَۃِ عَلَی الْاَرْضِ؛ (زمین پر بچھے ہوئے دسترخوان پر کھانا کھاتا ہوں)۔⑥ آخُذُ الْخُبْزَ بِالْیَدِ الْیُسْرٰی وَاَقْطَعُ بِالْیَدِ الْیُمْنٰی؛ (میں روٹی اُلٹے ہاتھ میں پکڑتا ہوں اور سیدھے ہاتھ سے توڑتا ہوں) ⑦ آکُلُ بِالْیَمِیْنِ وَبِثَلَاثَۃِ اَصَابِعَ اَیْ: بِالْاِبْهَامِ وَالْمُسَبِّحَۃِ وَالْوُسْطٰی؛ (میں سیدھے ہاتھ سے اور تین اُنگلیوں یعنی بیچ والی، شہادت کی اور انگوٹھے سے کھانا کھاتا ہوں)۔⑧ آکُلُ مِمَّا یَلِیَّ؛ (میں اپنی طرف کے کنارے سے کھاتا ہوں)۔ ⑨ اَلْعَقُ اَصَابِعِی الثَّلَاثَ بَعْدَ الْفَرَاغِ مِنَ الْاَکْلِ؛ (کھانے سے فراغت کے بعد اپنی تین انگلیاں چاٹتا ہوں) ⑩ اَحْمَدُ اللّٰہَ بَعْدَ الطَّعَامِ وَالشَّرَابِ؛ (کھانے اور پینے کے بعد "اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ" کہتا ہوں)۔-(٥): مَاذَا تَفْعَلُ قَبْلَ تَنَاوُلِ وَجَبَاتِكَ وَبَعْدَہٗ؟ (آپ کھانا کھانے سے پہلے اور بعد میں کیا کرتے ہیں؟)۔ الجواب: اَغْسِلُ یَدَیَّ اِلَی الرُّسْغَیْنِ قَبْلَ تَنَاوُلِ وَجَبَاتِیْ وَبَعْدَہٗ, وَاَغْسِلُ مُقَدَّمَ الْفَمِ بَعْدَ الْمَضْمَضَۃِ؛ (میں کھانا کھانے سے پہلے اور بعد میں دونوں ہاتھوں کو کلائیوں تک ہاتھ دھوتا ہوں اور کلی کرنے کے بعد منہ کے اگلے حصے کو دھوتا ہوں)۔-(٦): کَیْفَ تَتَصَرَّفُ اِذَا لَمْ یُعْجِبْكَ الطَّعَامُ؟ (جب آپ کو کھانا پسند نہ آئے تو آپ کیسا معاملہ کرتے ہیں؟)۔الجواب: لَا اَعِیْبُ الطَّعَامَ, اِنِ اشْتَهَیْتُ اَکَلْتُ, وَاِلَّا تَرَکْتُ؛ (میں کھانے میں کسی قسم کا عیب نہیں لگاتا، اگر پسند ہو تو کھا لیتا ہوں، ورنہ چھوڑ دیتا ہوں)۔-(٧): کَیْفَ تَتَصَرَّفُ اِذَا رَاَیْتَ شَیْئًا غَرِیْبًا فِی الطَّعَامِ؟ (اگر آپ کو کھانے میں کوئی عجیب چیز نظر آئے تو آپ کیسے عمل کریں گے؟)۔ الجواب: اِنْ اَرَدْتُ اَنْ اَعِیْبَہٗ عِنْدَ الطَّبَّاخِ حَتّٰی لَا یَعُوْدَ لِمِثْلِ ذٰلِكَ فَاَرْشَدْتُ لَہٗ اِذَا کَانَ فِی الْخَلْوَۃِ؛ (اگر میں چاہوں کہ پکانے والے کے سامنے اس کی خامی بیان کروں تاکہ وہ ایسی بات نہ دہرائے تو میں اس کی رہنمائی کرتا ہوں جبکہ وہ تنہائی میں ہو)۔-(٨): کَیْفَ تَتَصَرَّفُ اِذَا تَاَخَّرَ الطَّعَامُ عَنِ الْمَوْعِدِ الْمُحَدَّدِ؟ (اگر کھانا مقررہ وقت سے لیٹ ہوجائے تو آپ کیسے کام کرتے ہیں؟) الجواب: اِذَا تَاَخَّرَ الطَّعَامُ عَنِ الْمَوْعِدِ الْمُحَدَّدِ فَاَنْتَظِرُ الطَّعَامَ بِصَبْرٍ وَبِتَحَمُّلٍ؛ (اگر کھانا وقتِ مقررہ سے لیٹ ہوجائے تو میں صبر و تحمل کے ساتھ کھانے کا انتظار کرتا ہوں)۔-(٩): اِسْاَلْ نَفْسَكَ, مَتٰی یَجِبُ اَنْ نَاْکُلَ؟ (اپنے آپ سے پوچھئے، ہمیں کب کھانا چاہیے؟)۔ الجواب: یَجِبُ اَنْ نَاْکُلَ الطَّعَامَ عِنْدَمَا نَشْعُرُ بِالْجُوْعِ الشَّدِیْدِ؛ (جب ہمیں بہت بھوک محسوس ہو تو ہمیں کھانا کھانا چاہیے)۔-

اَلتَّدْرِیْبُ الثَّالِثُ: (۱) کَوِّنْ سِتَّ جُمَلٍ یَکُوْنُ الْحَالُ فِیْهَا ظَرْفاً. مِثْلُ هٰذِهٖ: اَمَاطَ مَالَحِقَهَا مِنْ اَذًی:(ایسے چھ جملے بنایئے جن میں حال ظرف ہو، اس کی مثل: اس نے اس شئے کو ہٹا دیا جو اسے ملی اس حال میں کہ وہ نقصان دہ تھی)۔ الجواب: ❶ یَجْلِسُ التَّلَامِیْذُ فَوْقَ الْمَقَاعِدِ؛ (شاگرد بیٹھے ہیں اس حال میں کہ وہ میزوں کے اوپر ہیں)۔ ❷ رَاَیْتُ الْکِتَابَ لِزَیْدٍ؛ (میں نے کتاب دیکھی جبکہ وہ زید کی ہے)۔ ❸ قَرَاْتُ الْاَذْکَارَ بَعْدَ صَلَاةِ الْفَجْرِ؛ (میں نے پڑھے وہ وظائف جو نمازِ فجر کے بعد ہوتے ہیں)۔ ❹ جَاءَ زَیْدٌ عَلَی السَّیَّارَةِ؛ (زید آیا اس حال میں کہ وہ گاڑی پر سوار تھا)۔ ❺ رَاَیْتُ خَالِدًا بَیْنَ الْاَشْجَارِ؛ (میں نے دیکھا خالد کو اس حال میں کہ وہ درختوں کے درمیان موجود تھا)۔ ❻ رَاَیْتُ الْقَلَمَ فَوْقَ الْکِتَابِ؛ (میں نے دیکھا قلم، جب وہ کتاب پر تھا)۔۔(۲) اِسْتَخْدِمْ فِیْ سِتِّ جُمَلٍ "اِذَا" الظَّرْفِیَّةَ الشَّرْطِیَّةَ مِثْلُ هٰذِهٖ: اِذَا سَقَطَتِ اللُّقْمَةُ لَمْ یَدَعْهَا لِلشَّیْطَانِ: (اذا ظرفیہ شرطیہ چھ جملوں میں استعمال کیجئے، اس کی مثل: جب لقمہ گرجائے تو اسے شیطان کیلئے نہ چھوڑے)۔ الجواب: ❶ اِذَا تَجْتَهِدْ تَفُزْ؛ (جب تو کوشش کرے گا کامیاب ہوجائے گا) ❷ اِذَا صَبَرْتَ اُجِرْتَ؛ (جب تو صبر کرے گا تو تجھے اجر ملے گا) ❸ اِذَا اجْتَهَدْتَ نَجَحْتَ: (اگر تو محنت کرے گا تو کامیاب ہوگا)۔ ❹ اِذَا اَکَلْتُ الطَّعَامَ قَرَاْتُ بِسْمِ اللّٰهِ (جب میں کھانا کھاتا ہوں تو بسم اللہ پڑھتا ہوں)۔ ❺ اِذَا ذَهَبْتَ ذَهَبْتُ؛ (اگر تم جاؤ گے تو میں جاؤں گا)۔ ❻ اِذَا قَرَاْتَ الدَّرْسَ لَاتَتَکَلَّمْ؛ (جب تم سبق پڑھو تو باتیں مت کرو)۔۔(۳) اِسْتَخْدِمْ فِیْ سِتِّ جُمَلٍ "اِذَا" الظَّرْفِیَّةَ الشَّرْطِیَّةَ مِثْلُ هٰذِهٖ: اِذَا اَکَلَ اَحَدُکُمْ فَلْیَذْکُرِ اسْمَ اللّٰهِ (اذا ظرفیہ شرطیہ چھ جملوں میں استعمال کیجئے، اس کی مثل: جب تم میں سے کوئی کھائے تو اللہ کا نام لے)۔ الجواب: ❶ وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ؛ (اور جب قرآن پڑھا جائے تو اسے غور سے سنو)۔ ❷ فَاِذَا اطْمَاْنَنْتُمْ فَاَقِیْمُوا الصَّلٰوةَ؛ (جب تم مطمئن ہوجاؤ تو نماز قائم کرو)۔ ❸ وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ؛ (اور اے حبیب! جب تم سے میرے بندے میرے بارے میں سوال کریں تو بیشک میں نزدیک ہوں)۔ ❹ فَاِذَا قَضَیْتُمُ الصَّلٰوةَ فَاذْکُرُوا اللّٰهَ؛ (جب تم نماز پڑھ لو تو اللہ کو یاد کرو)۔ ❺ اِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ یَشْفِیْنِ؛ (جب میں بیمار ہوتا ہوں تو وہی مجھے شفاء دیتا ہے)۔ ❻ اِذَا طَلَعَتِ الشَّمْسُ فَالنَّهَارُ مَوْجُوْدٌ؛ (جب سورج طلوع ہوگا تو دن موجود ہوگا)۔۔

اَلتَّدْرِیْبُ الرَّابِعُ: تَرْجِمْ مِنَ الْاُرْدِیَّةِ اِلَی الْعَرَبِیَّةِ۔ الجواب: فاسٹ فوڈ آج کل ہمارے معاشرے میں بہت عام ہیں اور لوگ بہت شوق سے کھاتے ہیں، مگر اس کا استعمال انسانی صحت کیلئے خطرناک ثابت ہوسکتا ہے؛ اَلْوَجَبَاتُ السَّرِیْعَةُ شَائِعَةٌ جِدًّا فِیْ مُجْتَمَعِنَا فِی الْوَقْتِ الْحَاضِرِ وَیَاْکُلُهَا النَّاسُ بِرَغْبَةٍ کَثِیْرَةٍ وَلٰکِنَّ اسْتِعْمَالَهَا یُمْکِنُ اَنْ یَّکُوْنَ خَطِیْرًا عَلٰی صِحَّةِ الْاِنْسَانِ۔ انسان کو جن چیزوں کے بارے میں معلوم ہو کہ وہ اس کیلئے نقصان دہ ہیں یا بیماری کا سبب بن سکتی ہیں اسے ان سے پرہیز کرنا چاہیے، بیمار انسان کو صحت یابی کیلئے خصوصی طور پر پرہیز کرنا چاہیے؛ یَجِبُ عَلَی الْاِنْسَانِ اَنْ یَّتَجَنَّبَ الْاَشْیَاءَ الَّتِیْ یَعْلَمُ اَنَّهَا مُؤْذِیَةٌ لَّهٗ اَوْ یُمْکِنُ اَنْ تَسَبَّبَ الْمَرَضَ. وَیَجِبُ عَلَی الشَّخْصِ الْمَرِیْضِ اَنْ یَّمْتَنِعَ خَاصَّةً لِلشِّفَاءِ۔ کھانا تو آپ نے اپنے لئے کھانا ہی ہوتا ہے اگر وہی کھانا آپ شریعت اور سنت کے مطابق کھائیں گے تو اسی کھانے کا ثواب زیادہ ملے گا؛ اَلطَّعَامُ هُوَ مَاتَاْکُلُهٗ لِنَفْسِكَ. فَاِنْ اَکَلْتَ مِنْ نَفْسِ الطَّعَامِ فِی الشَّرِیْعَةِ وَالسُّنَّةِ. فَاِنَّ اَجْرَ هٰذَا الطَّعَامِ یَکُوْنُ کَبِیْرًا۔ تو کیوں نا کھانا آج سے سنت کے مطابق کھایا جائے کھانا کھانے سے پہلے اور کھانا کھانے کے بعد ہاتھوں کو دھوئیں، کھانا سکون کے ساتھ سنت کے مطابق بیٹھ کر کھائیں، کھانا کھانے سے پہلے اور بعد کی دعا پڑھیں؛ فَلِمَاذَا لَاتَاْکُلُ طَعَامًا حَسَبَ السُّنَّةِ مِنَ الْاٰنِ فَصَاعِدًا. اِغْسِلْ یَدَیْكَ قَبْلَ الْاَکْلِ وَبَعْدَ الْاَکْلِ. کُلْ وَاَنْتَ جَالِسٌ بِهُدُوْءٍ حَسَبَ السُّنَّةِ. اِقْرَءِ الدُّعَاءَ قَبْلَ الْاَکْلِ وَبَعْدَهٗ۔

اَلتَّدْرِیْبُ الْخَامِسُ۔ (۱) هَلْ اَعْجَبَتْكَ هٰذِهِ الْقِصَّةُ. اُذْکُرْ لِمَاذَا؟ وَاِنْ لَمْ تُعْجِبْكَ فَلِمَاذَا؟۔ الجواب: نَعَمْ! اَعْجَبَتْنِیْ هٰذِهِ الْقِصَّةُ لِاَنَّ هٰذِهِ الْقِصَّةَ تُعَلِّمُنَا کَیْفَ یُمْکِنُنَا اِتِّبَاعَ السُّنَّةِ الْغِذَائِیَّةِ لِلنَّبِیِّ الْحَبِیْبِ؛ (جی ہاں! مجھے یہ قصہ پسند آیا ہے کیونکہ یہ قصہ ہمیں سکھاتا ہے کہ ہم پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی غذائی سنت پر کیسے عمل کرسکتے ہیں)۔۔(۲) مَاذَا اَعْجَبَكَ فِیْ هٰذِهِ الْقِصَّةِ. وَلِمَاذَا؟۔الجواب: اَعْجَبَنِیْ هٰذَا الْحَدِیْثُ کَثِیْرًا الَّذِیْ قَالَهُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: "اِذَا اَکَلَ اَحَدُکُمْ فَلْیَذْکُرِ اسْمَ اللّٰهِ فَاِنْ نَسِیَ اَنْ یَّذْکُرَ اسْمَ اللّٰهِ فِیْ اَوَّلِهٖ فَلْیَقُلْ: بِسْمِ اللّٰهِ اَوَّلَهٗ وَآخِرَهٗ" لِاَنَّ مَنْ نَسِیَ اَنْ یَّقُوْلَ "بِسْمِ اللّٰهِ" لَا یُحْرَمُ اَیْضاً؛ (مجھے یہ حدیث بہت پسند آئی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی کھائے تو اللہ کا نام لے، اگر شروع میں اللہ کا نام بھول جائے تو اسے بِسْمِ اللّٰهِ اَوَّلَهٗ وَآخِرَهٗ کہنا چاہیئے، کیونکہ جو "بسم اللّٰہ" کہنا بھول جائے اسے بھی محروم نہیں رکھا گیا)۔۔(۳) لَخِّصْ فِکْرَةَ الْقِصَّةِ بِاَلْفَاظِكَ الْخَاصَّةِ بِاَمَانَةٍ دُوْنَ التَّقَیُّدِ بِفِقْرَاتِ النَّصِّ الْاَصْلِیِّ۔الجواب: سَنَتَحَدَّثُ الْیَوْمَ عَنْ آدَابِ تَنَاوُلِ الطَّعَامِ: اَلْمُسْلِمُ یَاْکُلُ وَیَشْرَبُ لِلْمُحَافَظَةِ عَلٰی سَلَامَةِ بَدَنِهٖ حَتّٰی یَعْبُدَ اللّٰهَ؛ (آج ہم کھانے کے آداب پر بات کریں گے: ایک مسلمان اللہ کی عبادت کیلئے اپنے جسم کی سالمیت کو برقرار رکھنے کیلئے کھاتا پیتا ہے)۔ وَیَحْتَرِمُ آدَابَ الشَّرِیْعَةِ فِیْ اَکْلِهٖ وَشُرْبِهٖ حَتّٰی یَنَالَ اَجْرَ مَا یَاْکُلُ وَیَشْرَبُ. وَیَغْسِلُ یَدَیْهِ قَبْلَ وَبَعْدَ الْاَکْلِ؛ (وہ اپنے کھانے پینے میں شرعی آداب کی پابندی کرتا ہے تاکہ جو کچھ وہ کھائے پیئے اس کا ثواب ملے، کھانے سے پہلے اور بعد میں ہاتھ دھوتا ہے)۔ وَیَضَعُ الطَّعَامَ عَلَی الْمَائِدَةِ الْمَفْرُوْشَةِ عَلَی الْاَرْضِ. وَیَذْکُرُ اسْمَ اللّٰهِ. وَلَا یَعِیْبُ الطَّعَامَ. وَیَاْکُلُ بِثَلَاثِ اَصَابِعَ مِنْ یَدِهِ الْیُمْنٰی. وَیَحْمَدُ اللّٰهَ بَعْدَ الْاَکْلِ وَالشُّرْبِ؛ (وہ فرش پر بچھے ہوئے دسترخواں پر کھانا رکھتا ہے، اللہ کا نام لیتا ہے، کھانے میں عیب نہیں لگاتا، اپنے داہنے ہاتھ کی تین انگلیوں سے کھاتا ہے، کھانے پینے کے بعد اللہ کی حمد کرتا ہے)۔

◈ قِصَّةُ لَاتَکْذِبْ ◈ ("جھوٹ نہ بولنا" کی کہانی)

کَانَ شَابٌّ یَرْتَکِبُ الْکَثِیْرَ مِنَ الْکَبَائِرِ. فَقَدْ کَانَ یَتَعَاطَی الْمُخَدِّرَاتِ وَیَعُقُّ وَالِدَیْهِ. وَیَکْذِبُ دَائِمًا عَلٰی وَالِدَیْهِ وَاِخْوَتِهٖ وَیَفْعَلُ اَشْیَاءَ اُخْرٰی تُغْضِبُ اللّٰهَ تَعَالٰی؛ (ایک نوجوان بہت سے بڑے گناہ کیا کرتا تھا، وہ منشیات کا استعمال کرتا تھا، اپنے والدین کی نافرمانی کرتا تھا، ہمیشہ اپنے والدین اور بہن بھائیوں سے جھوٹ بولتا تھا، اور ایسے دوسرے کام کرتا تھا جو اللہ کو ناراض کرتے ہیں)۔ وَفِیْ یَوْمٍ مِنَ الْاَیَّامِ قَرَّرَ الشَّابُّ اَنْ یَّتُوْبَ اِلَی اللّٰهِ وَیَتْرُكَ الْمَعَاصِیَ کُلَّهَا وَاَنْ یَّعْمَلَ عَمَلًا صَالِحًا. لِیَرْضَی اللّٰهُ عَنْهُ وَیُدْخِلَهُ الْجَنَّةَ؛ (اور ایک دن اس نوجوان نے اللہ سے توبہ کرنے اور تمام گناہوں کو چھوڑ کر نیک اعمال کرنے کا فیصلہ کیا، تاکہ خدا اس سے راضی ہو اور اسے جنت میں داخل کرے)۔ اَخَذَ یُحَاوِلُ اَنْ یُّقْلِعَ عَنِ الذُّنُوْبِ لٰکِنَّهٗ کَانَ یَعُوْدُ اِلَیْهَا مَرَّةً اُخْرٰی وَیَشْعُرُ بِالْحُزْنِ الشَّدِیْدِ وَفَجْاَةً قَرَّرَ اَنْ یَّذْهَبَ اِلٰی عَالِمٍ مِّنَ الْعُلَمَاءِ الْاَفَاضِلِ. لِیَسْاَلَهٗ: کَیْفَ یَتَخَلَّصُ مِنْ هٰذِهِ الذُّنُوْبِ وَالْمَعَاصِیْ؟ (وہ گناہوں سے چھٹکارا پانے کی کوشش کر رہا تھا، لیکن وہ دوبارہ ان کے پاس واپس آجاتا اور شدید غم محسوس کرتا، اور اچانک اس نے افاضل علماء میں کسی عالم کے پاس جانے کا فیصلہ کیا اور اس سے پوچھنے کا ارادہ کیا کہ وہ ان گناہوں اور خطاؤں سے کیسے چھٹکارا پاسکتا ہے؟)۔ ذَهَبَ الشَّابُّ اِلٰی عَالِمٍ جَلِیْلٍ وَقَالَ لَهٗ: اَیُّهَا الشَّیْخُ الْفَاضِلُ! اَنَا اَفْعَلُ کَثِیْرًا مِنَ

اَلْمَعَاصِیْ وَاُرِیْدُ اَنْ اَتُوْبَ. وَلٰکِنْ لَااَسْتَطِیْعُ. فَمَاذَا اَفْعَلُ؟ (وہ نوجوان ایک بڑے عالم کے پاس گیا اور اس سے کہا: اے صاحبِ علم وفضل! میں بہت گناہ کرتا ہوں اور میں توبہ کرنا چاہتا ہوں، لیکن میں نہیں کرسکتا، تو مجھے کیا کرنا چاہیے؟)۔قَالَ لَهُ الْعَالِمُ: اِذَا اَرَدْتَّ اَنْ تَتُوْبَ تَوْبَةً صَادِقَةً وَلَاتَرْجِعُ مَرَّةً اُخْرٰی اِلَی الْمَعَاصِی سَاُخْبِرُكَ عَنِ الطَّرِیْقَةِ وَلٰکِنْ بِشَرْطٍ وَاحِدٍ.. (عالم نے اس سے کہا: اگر تم سچے دل سے توبہ کرنا چاہتے ہو اور دوبارہ گناہ کی طرف نہیں لوٹنا چاہتے تو میں تمہیں طریقہ بتاتا ہوں لیکن ایک شرط کے ساتھ)۔قَالَ لَهُ الشَّابُّ: مَاهُوَ الشَّرْطُ؟ قَالَ لَهُ الْعَالِمُ: اَلشَّرْطُ هُوَاَنْ تَکُوْنَ صَادِقاً فِیْ کُلِّ الْاَحْوَالِ مَعَ الْجَمِیْعِ وَمَعَ نَفْسِكَ. وَلَاتَکْذِبْ اَبَدًا؛ (نوجوان نے اس سے کہا: کیا شرط ہے؟ عالم نےاس سے کہا: شرط یہ ہے کہ ہرحال میں سب کے ساتھ اور اپنے ساتھ سچے رہو اور کبھی جھوٹ نہ بولو)۔ وَنَصَحَهُ الْعَالِمُ کَثِیْرًا مِنَ النَّصَائِحِ الذَّهَبِیَّةِ. وَقَالَ لَهُ: عَلَیْكَ اِتِّبَاعُهَا اِذَا کُنْتَ تَرْغَبُ فِی التَّخَلُّصِ مِنَ الذُّنُوْبِ وَالثَّبَاتِ عَلَی التَّوْبَةِ وَتَحْقِیْقِ النَّجَاحِ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ؛ (اس عالم نے اسے بہت سے سنہری نصیحتیں کیں، اور اس نے اس سے کہا: اگر تم گناہوں سے چھٹکارا حاصل کرنا، توبہ پر ثابت قدم رہنا اور دنیا وآخرت میں کامیابی حاصل کرنا چاہتے ہوتو تم پر ان کی پیروی کرنا لازم ہے)۔ثُمَّ رَجَعَ الشَّابُّ بَعْدَ اَنْ عَاهَدَهُ عَلٰی اَنْ یَکُوْنَ صَادِقًا وَیَتْرُكَ الْکَذِبَ؛ (پھر وہ نوجوان اس سے سچا رہنےاور جھوٹ کو چھوڑنے کا وعدہ کرکے لوٹ آیا)۔وَبَعْدَ بُرْهَةٍ اَرَادَ الشَّابُّ اَنْ یَسْرِقَ تَذَکَّرَ اَنَّ السَّرِقَةَ حَرَامٌ وَاَنَّهُ عَاهَدَ الشَّیْخَ عَلٰی اَلَّا یَکْذِبَ. وَاَنَّ الشَّیْخَ سَوْفَ یَسْاَلُهُ: هَلْ سَرَقْتَ اَمْ لَا..؟ فَمَاذَا سَیَقُوْلُ لَهُ. فَعَادَ وَلَمْ یَسْرِقْ۔ (تھوڑی دیر کے بعد نوجوان نےچوری کرنا چاہی، اسے یاد آیا کہ چوری حرام ہے، حالانکہ اس نے شیخ سے وعدہ کیاہے کہ وہ جھوٹ نہیں بولے گا، اور شیخ اس سے پوچھے گا: تم نےچوری کی یا نہیں؟ تو وہ اسے کیا کہے گا، چنانچہ وہ لوٹ آیا اور چوری نہیں کی)۔وَلَمَّا اَرَادَ اَنْ یَشْرَبَ الْخَمْرَ تَذَکَّرَ اَنَّ اللهَ تَعَالٰی حَرَّمَ الْخَمْرَ. وَاَنَّهُ عَاهَدَ الشَّیْخَ عَلٰی اَلَّا یَکْذِبَ. وَاَنَّ الشَّیْخَ سَوْفَ یَسْاَلُهُ: هَلْ شَرِبْتَ الْخَمْرَ اَمْ لَا..؟ فَمَاذَا سَیَقُوْلُ لَهُ. فَعَادَ وَاَقْلَعَ عَنْ تَنَاوُلِ الْخَمْرِ؛ (اور جب اس نے شراب پینا چاہی تو اسے یاد آیا کہ اللہ تعالٰی نے شراب کو حرام کیاہے اور اس نے شیخ سے جھوٹ نہ بولنے کا عہد کیا ہے اور شیخ اس سے پوچھے گا: تم نے شراب پی تھی یا نہیں؟ تو وہ اسے کیا کہےگا، چنانچہ وہ واپس چلاگیا اور شراب پینے سے باز آگیا)۔ وَهٰکَذَا کُلَّمَا فَکَّرَ اَنْ یَفْعَلَ اَیَّ ذَنْبٍ تَذَکَّرَ اَنَّ اللهَ حَرَّمَ ذٰلِكَ. وَاَنَّهُ قَدْ عَاهَدَ الشَّیْخَ عَلٰی اَلَّا یَکْذِبَ. فَکَانَ ذٰلِكَ سَبَباً لِهِدَایَتِهٖ وَتَرْكِ الْمَعَاصِیْ؛ (اسی طرح جب بھی وہ کسی گناہ کے کرنے کا سوچتا تو اسے یاد آجاتا کہ اللہ تعالٰی نے اس سے منع کیا ہے اور اس نے شیخ سے جھوٹ نہ بولنے کا عہد کیا تھا، تو یہ اس کی رہنمائی اور گناہوں کو چھوڑنے کا سبب بنتا تھا)۔اَلدَّرْسُ الْمُسْتَفَادُ مِنَ الْقِصَّةِ؛ (کہانی سے حاصل شدہ سبق): اَنَّ الصِّدْقَ مِنْ اَعْظَمِ الْاَخْلَاقِ الْاِسْلَامِیَّةِ الَّتِیْ یَجِبُ عَلٰی کُلِّ مُسْلِمٍ اَنْ یَتَحَلّٰی بِهَا وَلَقَدْ رَاَیْنَا اَنَّ هٰذَا الرَّجُلَ تَرَكَ کُلَّ الْمَعَاصِیْ. لِاَنَّهُ قَدْ تَرَكَ الْکَذِبَ وَتَحَلّٰی بِالصِّدْقِ؛ (یہ کہ سچائی ان اسلامی اخلاقیات میں سے عظیم ترین ہے جن سے آراستہ ہونا ہر مسلمان پر لازم ہے، اور ہم نے دیکھا ہے کہ اس شخص نے تمام گناہوں کو چھوڑ دیا، کیونکہ اس نے جھوٹ بولنا چھوڑ دیا تھا اور سچائی سے آراستہ ہوگیا تھا)۔قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: "عَلَیْکُمْ بِالصِّدْقِ. فَاِنَّ الصِّدْقَ یَهْدِیْ اِلَی الْبِرِّ. وَاِنَّ الْبِرَّ یَهْدِیْ اِلَی الْجَنَّةِ. وَمَایَزَالُ الرَّجُلُ یَصْدُقُ وَیَتَحَرَّی الصِّدْقَ حَتّٰی یُکْتَبَ عِنْدَاللهِ صِدِّیْقًا. وَاِیَّاکُمْ وَالْکَذِبَ. فَاِنَّ الْکَذِبَ یَهْدِیْ اِلَی الْفُجُوْرِ. وَاِنَّ الْفُجُوْرَ یَهْدِیْ اِلَی النَّارِ. وَمَایَزَالُ الرَّجُلُ یَکْذِبُ وَیَتَحَرَّی الْکَذِبَ حَتّٰی یُکْتَبَ عِنْدَاللهِ کَذَّابًا" (نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سچائی کو لازم پکڑو کہ سچ نیکی کی طرف رہنمائی کرتاہے اور نیکی جنت کی جانب رہنمائی کرتی ہے اور آدمی ہمیشہ سچ بولتاہے اور سچ کی تلاش میں رہتاہے حتی کہ اسے اللہ کے ہاں صدیق لکھاجاتا ہے اور جھوٹ سےبچو، جھوٹ گناہ کی جانب لے جاتاہے اور گناہ جہنم کی جانب لے جاتاہے اور آدمی ہمیشہ جھوٹ بولتا رہتا ہے اور جھوٹ میں کوشش کرتا رہتا ہےتو اسے اللہ کے ہاں جھوٹا لکھا جاتا ہے)۔

